آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 14 ستمبر 2020ء بمطابق 25 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 249

صوبے میں پہلی بار گڈ گورننس کا قیام ممکن بنایا گیا ہے

ترجمان حکومت بلوچستان

بلوچستان گزشتہ 70 سال سے پسماندگی کا شکار رہا وفاقی حکومت نے 1990 سے 2018 کی نسبت رواں سال پی ایس ڈی پی میں اضافہ کیا ہے موجودہ فنڈ بھی بلوچستان میں ترقیاتی کاموں کے لئے ناکافی ہے

کوئٹہ کراچی دورہ کرنے کے حوالے سے فزیبلٹی رپورٹ تیار کی جاری ہے اگر جلد کوئٹہ کراچی شاہراہ کو دورہ نہ کیا گیا تو مزید حادثات میں جانوں کا ضیاع ہوگا ڈب کوئٹہ شاہراہ سمیت بلوچستان میں سی پیک کے پروجیکٹس پر تیزی سے کام جاری ہے

وزیراعظم کو دورہ کوئٹہ میں جاری منصوبوں پر مفصل بریفنگ دی گئی پندرہ ستمبر سے کھلنے والے تعلیمی اداروں میں کورونا کے رینڈم ٹسٹ کئے جائیں گے، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبے میں پہلی بار گڈ گورننس کا قیام ممکن بنایا گیا ہے وزیراعظم کو دورہ کوئٹہ میں جاری منصوبوں پر مفصل بریفنگ دی گئی پندرہ ستمبر سے کھلنے والے تعلیمی اداروں میں کورونا کے رینڈم ٹسٹ کئے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو آفیسر کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان گزشتہ 70 سال سے پسماندگی کا شکار رہا وفاقی حکومت نے 1990 سے 2018 کی نسبت رواں سال پی ایس ڈی پی میں اضافہ کیا ہے موجودہ فنڈ بھی بلوچستان میں ترقیاتی کاموں کے لئے ناکافی ہے کوئٹہ کراچی دو

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:50
مغرب	7:05
عشاء	08:25

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

کراچی صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی گورنر ہاؤس سندھ میں اعلیٰ کی صدارت کر رہے ہیں

فوری طور پر جاری لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق کی جائے ڈپٹی کمشنرز کو حکم

جعلی لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے صوبے کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو حکم دیا ہے کہ جعلی اور مشکوک لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے خلاف چھان بین کر کے خلاف قانون لوکل سرٹیفکیٹ وڈومیسائل کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے

بڑی تعداد میں دوسرے صوبوں کے لوگوں نے صوبہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ حاصل کیے ہیں، لیکن جعلی لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیقی عمل میں تیزی لانے کی ضرورت ہے

جعلی لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی بنا پر صوبہ بلوچستان کیلئے مختص مختلف تعلیمی اداروں کی سیٹوں، اسکالرشپ اور نوکریوں پر تعینات ہو کر حقیقی اُمیدواروں کو ان کی حقوق سے محروم کیا ہے، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل، اور جسٹس عبدالحمید بلوچ

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل، اور جسٹس عبدالحمید بلوچ پر مشتمل بنچ نے جعلی لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے صوبے کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو حکم دیا ہے کہ جعلی اور مشکوک لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے خلاف چھان بین کر کے خلاف قانون لوکل سرٹیفکیٹ وڈومیسائل کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے۔ دوست محمد ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر مقدمہ میں موقف اختیار کیا گیا ہے، کہ بڑی تعداد میں دوسرے صوبوں کے لوگوں نے صوبہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ حاصل کیے ہیں، اور انہی جعلی لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی بنا پر صوبہ بلوچستان کیلئے مختص مختلف تعلیمی اداروں کی سیٹوں، اسکالرشپ اور نوکریوں پر تعینات ہو کر حقیقی اُمیدواروں کو ان کی حقوق

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

عوام حکومت سے مایوس ہو کر اپوزیشن کی جانب دیکھ رہی ہے

مولانا عبدالغفور حیدری

پی ٹی آئی حکومت نے دو سالہ اقتدار میں عوام کو بیروزگار بے گھر کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی عوام حکومت سے مایوس ہو کر اپوزیشن کی جانب دیکھ رہی ہے، سینیٹر

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکریٹری جنرل و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے پی ٹی آئی حکومت کو بدترین دھاندلی کی پیداوار اور سلیکٹڈ قرار دیتے ہوئے حکومت سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لیے ایک بار پھر تمام اپوزیشن جماعتوں کو

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اسد عمر

وفاقی بجٹ میں صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے 70 سے 80 ارب روپے کے فنڈز مختص کیے جاتے ہیں تاہم ان فنڈز میں سے صرف نصف حصہ بلوچستان حکومت کو فراہم کیا جاتا ہے

ہم بلوچستان کے ہر علاقے بالخصوص صوبے کے پسماندہ علاقوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائیں گے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (خ ن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہم بلوچستان کے ہر علاقے بالخصوص صوبے کے پسماندہ علاقوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق منعقدہ ایک بریفنگ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر دفاعی پیداوار محترمہ زبیدہ جلال، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) شفیل اصغر صوبائی سیکرٹریز و دیگر کام بھی موجود تھے۔ ایڈیشن

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

میرے دروازے عوام کی خدمت کیلئے ہر وقت کھلے رہیں گے، میر خان مٹھا کاکڑ

ژوب ہسپتال کو جدید سہولیات سے آراستہ کر کے عوام کیلئے صحت کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

عوامی نمائندہ ہوں اور ہمارے دروازے عوام کے لئے کھولے ہیں عوام سے کیے گئے وعدے پورے کریں گے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری

ژوب (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ و ماحولیات میر خان کاکڑ نے کہا ہے کہ میں عوامی نمائندہ ہوں اور ہمارے دروازے عوام کے لئے کھولے ہیں عوام سے کیے گئے وعدے پورے کریں گے صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبے کی ترقی میں ہر ممکن کوشش کو یقینی بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ژوب میں نئے گائنی یونٹ کا افتتاح اور گائنی وارڈ میں رکھے گئے نئے مشینری اور دیگر آلات کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر میر خان کاکڑ نے کہا کہ ژوب ہسپتال کو جدید سہولیات سے آراستہ کر کے عوام کیلئے صحت کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے مزید کہا کہ صحت اور تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے اور نہ ہی ان شعبوں میں کوئی غفلت یا کوتاہی برداشت کر سکتے ہیں ژوب ہسپتال کو پورے صوبے میں مثالی بنا کر پیش کروں گا کیونکہ ژوب کے ہمسایہ افغانستان اور

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

میرے بیٹے حمزہ شہباز کو جیل میں کورونا ہو گیا، شہباز شریف

مشرف دور کے بعد اب نیب نیازی گٹھ جوڑ کے سیاسی انتقام کا ثابت قدمی سے سامنا کر رہا ہے، بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے کہا ہے کہ میرے بیٹے حمزہ شہباز کو جیل میں کورونا ہو گیا ہے، مشرف دور میں نیب مقدمات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے بعد وہ اب نیب نیازی گٹھ جوڑ کے سیاسی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں گاڑی کی ٹکر سے دو موٹر سائیکل سوار افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گاڑی کی ٹکر سے دو موٹر سائیکل سوار افراد زخمی۔ پولیس کے مطابق اتوار کو

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کے حدود میں بیوی نے شوہر کا گلا گھونٹ کر قتل کر دیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کے حدود میں بیوی نے شوہر کا گلا گھونٹ کر قتل کر دیا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

حب شہر اور گرد و نواح میں اتوار کو گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری رہا

حب (این این آئی) حب شہر اور گرد و نواح میں اتوار کو گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا سلسلہ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ژوب میں پانی میں ڈوب کر ایک شخص جاں بحق

ژوب (این این آئی) ژوب میں پانی میں ڈوب کر ایک شخص جاں بحق۔ لیویز کے مطابق اتوار کو ژوب

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

حمزہ شہباز کا کورونا کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے ہسپتال منتقل کیا جائے، مریم اور نگزیب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے پنجاب

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

گھٹیا پن کے سوا آپ سے اور امید بھی کیا کی جا سکتی ہے؟ مریم اورنگزیب کا شہباز اور اکبر کے بیان پر ردعمل

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے وزیراعظم

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

صدر مملکت کی زیر صدارت گورنر ہاؤس میں اجلاس، گورنر سمیت معروف کاروباری شخصیات کی شرکت

کراچی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت اتوار کو گورنر ہاؤس سندھ میں اعلیٰ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

بھارت سے واپس آنے والے ہندو خاندان نے ثابت کر دیا پاکستان امن پسند ملک ہے، چودھری پرویز الٰہی

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی سے رومن کیتھولک چرچ کے بشپ آف

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

حکومتی اخراجات میں 5 ہزار ارب روپے کی بچت ہوئی، عبدالحفیظ شیخ

کورونا کے دوران حکومت نے امدادی پیکج بھی دیا اور متاثرین کی مدد کی، حکومت نے مستحقین میں رقم بھی شفافیت سے تقسیم کی، مشیر خزانہ

کراچی (این این آئی) مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ دو سال کے دوران حکومتی اخراجات میں 5 ہزار ارب روپے کی بچت ہوئی ہے، کورونا کی وجہ سے برآمد کا شعبہ متاثر ہوا ہے۔ حکومت نے اپنے اخراجات میں کمی کر کے فری لنچ بجٹ دیا اور پاک فوج

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

چیئرمین ایڈیٹر کونسل جرائد (رجسٹر) بلوچستان کے چیئرمین مرحوم عبدالرازق درانی کی رسم سوئم آج دوپہر 12 بجے ادا کی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین ایڈیٹر کونسل جرائد (رجسٹر) بلوچستان کے چیئرمین مرحوم عبدالرازق درانی کی رسم سوئم آج دوپہر 12 بجے ادا کی جائے گی تمام احباب سے شرکت کی اپیل ہے۔ دریں اثناء عبدالشکور لاگو، عبدالصمد لاگو نے مرحوم عبدالرازق درانی کی وفات پر تعزیت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ مرحوم

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں 2 افراد جان کی بازی ہار گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں 2 افراد جان کی بازی ہار گئے ہیں۔ ایدھی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز پاپڑی اسٹاف کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص بشیر محمد ولد احمد شاہ کو قتل کر دیا جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

روواں سال کراچی میں زمین بوس ہونے والی عمارتوں کی تعداد 5 ہو گئی، 55 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہو گئے

40،40 گز کے پلاٹ پر بنی ایک عمارت پانچ منزلہ تھی، مالک چھٹی منزل بھی بنا رہا تھا کہ پوری عمارت گر گئی

کراچی (این این آئی) کراچی میں خستہ حال عمارتیں اور غیر معیاری تعمیرات انسانی زندگیوں کیلئے شدید خطرہ بن چکی ہیں، شہر قائد میں روواں سال زمین بوس ہونے والی عمارتوں کی تعداد 5 ہو گئی، جس کے نتیجے میں 55 افراد جاں بحق جبکہ درجنوں زخمی ہو گئے۔ کراچی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کراچی لیاری کوٹلہ گوام کے قریب گرجوالی دو منزلہ عمارت میں سندھ رینجرز اور ریسکیو اہلکار امدادی کاموں میں حصہ لے رہے ہیں

عوام مخالفوں کے بہکاوے میں نہ آئیں، سارے چور اکٹھے ہو کر ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، غلام سرور خان

افواج پاکستان پاکستان کی سرحدوں کی محافظ ہے ان کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے ملک دشمن ہیں

مضبوط، محفوظ اور خوشحال پاکستان کے لئے ہمارا ساتھ دیں، وفاقی وزیر کا جلسے سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ہوا بازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ عوام مخالفوں کے بہکاوے میں نہ آئیں، سارے چور اکٹھے ہو کر ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، افواج پاکستان پاکستان کی سرحدوں کی محافظ ہے ان کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے ملک دشمن ہیں، مضبوط، محفوظ اور خوشحال پاکستان کے لئے ہمارا ساتھ دیں۔ اتوار کو وفاقی وزیر برائے ہوا بازی غلام سرور خان نے بسالی گاؤں ضلع راولپنڈی میں پل کا افتتاح کیا جس کے بعد جلسہ عام سے خطاب کر رہے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

مائنر مالکان کے مسائل کو حکومت نے سنجیدہ نہیں لیا تو تین لاکھ سے زائد مزدور بے روزگار ہو جائیں گے

سندھ کے پی کے اور پنجاب سے زیادہ لیکس بلوچستان کے مائنر مالکان دے رہے ہیں جس پر شدید تحفظات لاحق ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مائنر مالکان کے مسائل کو حکومت نے سنجیدہ نہیں لیا تو تین لاکھ سے زائد مزدور بے روزگار ہو جائیں گے سندھ کے پی کے اور پنجاب سے زیادہ لیکس بلوچستان کے مائنر مالکان دے رہے ہیں جس پر شدید تحفظات لاحق ہیں لیکس دینے کے باوجود بجلی سڑک اور اسپتال سمیت تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں بغیر پلاننگ کے محکمہ ماحولیات کی طرف سے کلورو مائنڈ کرش پلانٹس کو شہر سے باہر بہانے کی باتیں مضحکہ خیز ہیں کورونا وائرس نے پہلے ہی ترقی کا عمل روک دیا ہے حکومت کے غیر ذمہ دارانہ فیصلے مزید نقصان پہنچا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار آل پاکستان مائنرز اینڈ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کوئٹہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے آوارا کا وفد ملاقات کر رہا ہے

آج ملک پر ایک ڈیٹ وزیراعظم اور مرکزی حکومت مسلط ہے، ملک سمندر خان کاسی

خواتین کے ساتھ زیادتی اور بے عزتی کی وجہ سے قوم کی آنکھیں دنیا میں رسوا اور منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتون اتحاد جمہوری پارٹی کے مرکزی چیئرمین ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی سیاسی کمزوریوں سے آج ملک پر ایک ڈیٹ وزیراعظم اور مرکزی حکومت مسلط ہے جس نے عوام کو مختلف مصائب مہنگائی، بے روزگاری، خواتین کے ساتھ زیادتی اور بے عزتی کی وجہ سے قوم کی آنکھیں دنیا میں رسوا اور منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے اور عمران خان کے انا، تکبر، غرور اور عسکری فورسز کے ایک پیج نے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

نفرت ہے ان لوگوں سے جو نوجوانوں کو منشیات کا عادی بنا رہے ہیں، میر اسد بلوچ

انسانیت کے قاتل اور دولت کے پجاریوں نے چند روپوں کی خاطر جس طرح انسانوں کو منشیات کے دلدل میں پھینک کر انہیں زندہ لاشوں میں تبدیل کر دیا ہے

حکومت ادارہ برائے علاج و بحالی مریضان منشیات کو تمام بنیادی ضروریات معیاری طرز پر فراہم کر رہی ہے، صوبائی وزیر سماجی بہبود

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سماجی بہبود میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ انسانیت کے قاتل اور دولت کے پجاریوں نے چند روپوں کی خاطر جس طرح انسانوں کو منشیات کے دلدل میں پھینک کر انہیں زندہ لاشوں میں تبدیل کر دیا ہے۔ ان کا یہ عمل معاشرتی، سیاسی اور مذہبی حوالے سے قابل نفرت اور مذمت ہے۔ حکومت ادارہ برائے علاج و بحالی مریضان منشیات کو تمام بنیادی ضروریات معیاری طرز پر فراہم کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ سماجی بہبود کے ادارہ برائے علاج و بحالی مریضان منشیات کے دورے کے دوران کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری سماجی بہبود عبدالرؤف بلوچ اور ادارے کے دیگر سینئر آفیسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ جو درد میرے دل میں ہے وہ ناقابل بیان ہے اور میں ایسے لوگوں سے نفرت کرتا ہوں جو عمل انسانیت کرتے ہیں، اور ان سپاہیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ جنہوں نے منشیات کے خلاف جہاد کا آغاز کیا ہے انہوں نے کہا کہ مجھے نفرت ہے ان لوگوں سے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

محکمہ صحت بلوچستان میں کیڈرز سے متعلق 2017 کے عدالتی احکامات پر عمل درآمد کیا جائے، ڈاکٹر احمد ولی

2009 میں تشکیل شدہ غیر قانونی کیڈرز اور فرسٹ ایڈمشن کو فوری طور پر ختم کر کے پبلک سروس کمیشن کی سینیارٹی کو بحال کیا جائے

ایم ایس اور ڈی ایچ او کی ضرورت کے مطابق ضلع میں پوسٹنگ کے اختیارات ڈویژنل ڈائریکٹرز کو دیئے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے جنرل کیڈر سے وابستہ ڈاکٹروں کا ایک اہم جنرل باڈی اجلاس اتوار کو ڈاکٹر احمد ولی کی صدارت میں پی جی ایم آئی ہال سول ہسپتال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے بھر سے بڑی تعداد میں جنرل کیڈر کے میل اور فیمیل ڈاکٹروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں جنرل کیڈر کے ڈاکٹروں کو عرصہ دراز سے درپیش مسائل زیر بحث لائے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سعید میروانی، ڈاکٹر قادر عمرانی، ڈاکٹر فرید، ڈاکٹر قدرت اللہ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

تجاوزات کی آڑ میں تاجروں کو تنگ کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی اچکزئی سید عبدالقیوم آغا میر یاسین مینگل سعد اللہ اچکزئی حاجی خدائے دوست شاہجہان عزیز بازئی، حاجی قاہر ترین جنرل گلستان نعمت آغا و دیگر مشترکہ بیان میں کہا ہے تجاوزات کی آڑ پر ناجائز دکان داروں کو تنگ کرنا کسی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ماہرین امراض اطفال کی 25 ویں انٹرنیشنل کانفرنس کوئٹہ میں ہوگی

27 تا 29 نومبر تک ہونے والی کانفرنس میں ڈھائی سو ملکی و غیر ملکی ماہرین امراض اطفال شریک ہوں گے

کانفرنس کے پہلے روز بچوں کے امراض سے متعلق ورکشاپس جبکہ دوسرے اور تیسرے دن لیکچرز ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ماہرین امراض اطفال کی 25 ویں بین الاقوامی کانفرنس 27 تا 29 نومبر کوئٹہ میں ہوگی جس میں ڈھائی سو ملکی و غیر ملکی امراض اطفال شریک ہوں گے کورونا کی عالمی بیماری کی وجہ سے یہ کانفرنس ورچوئل (آن لائن) براہ راست اور فزیکل بھی ہوگی سیکرٹری آرگنائزنگ کمیٹی ڈاکٹر بشیر ابڑو کے مطابق کانفرنس کے پہلے دن بچوں کی بیماریوں کے متعلق ورکشاپ ہوگی جبکہ دوسرے اور تیسرے دن ماہرین

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی میں ایک ہی گھر کے تین بچیاں نہاتے ہوئے پٹ فیڈر کینال میں ڈوب گئے، بچیوں کی لاشوں کو نکال کیا گیا

تمبو (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں ایک ہی گھر کے تین بچیاں نہاتے ہوئے پٹ فیڈر کینال میں ڈوب گئے دو بچیوں کی لاشوں کو نکال کیا گیا ایک بچی کی تلاش تاحال جاری ہے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے ابڑو محلہ وارڈ نمبر 12 کے رہائشی تین بچیاں 8 سالہ ریشماں پی بی، 6 سالہ فنگ خاتون اور 9 سالہ فریدہ بی بی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

سینیٹ میں بلوچستان کے عوام کے پیغام کو صحیح معنوں میں پہنچایا، خالد بزنجو

مجھے یہ رتبہ اور عزت دی، اس شرف پذیرائی پر وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی اور پارٹی کے سینئر رہنماء آغا شکیل احمد خضداری کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں

میری تجویز عمل میں لائی اور پوری جماعت نے ان کی اس تجویز کو خندہ پیشانی سے تسلیم کیا یہ میرے لیے اعزاز اور فخر کی بات ہے جسے میں مدتوں بھلا نہیں پاؤں گا، نومنتخب سینیٹر

خضدار (خ ن) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنماء نومنتخب سینیٹر میر خالد بزنجو نے کہا ہے کہ مجھے سینیٹ کی خالی نشست پر جو کامیابی ملی ہے اس پر پارٹی اور تمام اتحادی جماعتوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے یہ رتبہ اور عزت دی، اس شرف پذیرائی پر وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی اور پارٹی کے سینئر رہنماء آغا شکیل احمد خضداری کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا اور پوری پارٹی میں میرا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ پارٹی کے ہمدرد رہنما آغا شکیل احمد خضداری کی وسعت نظری اور اپنائیت کا میں بے حد مشکور ہوں کہ جنہوں نے پارٹی میں سینیٹ کی خالی نشست پر میری تجویز عمل میں لائی اور پوری جماعت نے ان کی اس تجویز کو خندہ پیشانی سے تسلیم کیا یہ میرے لیے اعزاز اور فخر کی بات ہے جسے میں مدتوں بھلا نہیں

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث دھماکے کے نتیجے میں خاتون اور بچی سمیت تین افراد زخمی ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے گلی برات میں گیس لیکج کے باعث دھماکے کے نتیجے میں خاتون اور بچی سمیت تین افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے علاقے گلی برات میں کمرے میں گیس بھر جانے کے دوران

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

چوہاؤ سے لغڑی چائنا پیکج منتقل ہونے کے باعث چمن شہر کے پندرہ ہزار خاندان نان شینہ کے قحط میں گر دوگے ہیں، رحیم آغا

چمن ایک لمحاتہ علاقہ ہے جہاں زراعت بے زمینی لغڑی نہ کوئی معدنیات نہ کوئی ہیں چمن شہر کے قریب عوام کا زریعہ معاش بارڈر سے ملحقہ ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین، حاجی عاشق اچکزئی، حاجی نصر الدین کاکڑ، حاجی اسلم ترین، فاروق شاہوانی، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، ملک اکرم بنگلوئی، محمد حسین ہزارہ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں چمن کے چھوٹے تاجروں اور لغڑی اتحاد کے لئے لغڑی چائنا پیکج تاحال بحال نہ کرنے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے اس سے چمن کے چھوٹے تاجروں اور لغڑیوں کا معاشی قتل قرار دیا ہے، بیان میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

لاہور مرکزی جمعیت اہلحدیث کے زیر اہتمام چالیسویں سالانہ فضائل صحابہ کانفرنس کی آخری نشست سے علامہ پروفیسر ساجد میر خطاب کر رہے ہیں

سیلاب متاثرین کی ہر قسم کی امداد کو یقینی بنائی جائے، عابد سلیم قریشی

عوام کی مشکلات اور مسائل کا ازالہ ہو سکے، راشن شیلٹر اور فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد میں مزید تیزی لائی جائے، کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی کا ضلع جھل مگسی کے سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ، ریلیف کے کاموں کا جائزہ لیا اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے کئے گئے اقدامات کو تسلی بخش قرار دیا سیلاب متاثرین کی ہر قسم کی امداد کو یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کی مشکلات اور مسائل کا ازالہ ہو سکے، راشن شیلٹر اور فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد میں مزید تیزی لائی جائے تاکہ سیلاب زدگان کی خوراک اور ادویات کی مشکلات ختم ہو سکیں حکومت سیلاب متاثرین کیلئے ہر ممکن

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سبزی مارکیٹ میں مہنگائی کی لہر برقرار

سبزیوں کی قیمتوں میں اضافے نے شہریوں کو پریشان کر دیا ہے پاکستان کی عوام گراں فروشوں کے رحم و کرم پر ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سبزی مارکیٹ میں مہنگائی کی لہر برقرار، مارکیٹوں میں توری فی کلو 110 سے 120 روپے کلو، ٹماٹر فی کلو 60 سے 70 روپے، پیاز 30 روپے فی کلو، آلو فی کلو 40 سے 50 روپے، کریلا 100 روپے فی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ملتان وزیراعظم کی معاون خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

آئی جی بلوچستان اور ڈی آئی جی سی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایس پی ملک فاروق فیض لہری نے کھلی کچہری کا انعقاد کیا

سبی (این این آئی) آئی جی بلوچستان محسن حسن بٹ اور ڈی آئی جی سبی پرویز احمد چانڈیو کی خصوصی ہدایت پر ایس ایس پی سبی ملک فاروق فیض لہری نے کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں عوام نے شہر میں بڑھتے ہوئے جرائم اور منشیات فروشی کے گھناؤنے کاروبار

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

بلوچ اپنے ہی معدنیات سے مستفید ہونے سے محروم ہیں، کبیر محمد شہی

بلوچستان کے کئی اضلاع آج بھی اس سے محروم ہیں، بلوچ عوام کی اپنی دولت کے فوائد سے مستفید ہونے سے قاصر ہے ہیں

آئین کے آرٹیکل 173 میں واضح ہے کہ قدرتی وسائل جس صوبے کا ہو اس میں 50 فیصد پر صوبے ک

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

14 ستمبر 2020ء

وفاقی حکومت اور بلوچستان کا ترقی

وزیر اعظم عمران خان نے کوئٹہ کے ایک روزہ دورے کے دوران صوبائی کابینہ سے بھی خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ ان کا حکومت صوبائی حکومت کے ساتھ کھڑی ہے۔ اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا معاملہ ہو یا کورونا سے نمٹنے کا مسئلہ ہو ہر معاملہ میں وفاقی حکومت صوبہ کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔ وزیر اعظم نے اس بات پر افسوسناک کا اظہار کیا کہ ماضی میں بلوچستان کو بری نظر انداز کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ سابقہ حکومتوں نے صوبے کا ساتھ جو وعدے کیئے ان پر بھی عملدر آمد نہیں ہوتا تھا۔ وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ اب ایسا نہیں ہو گا۔ ہم ہر صورت آپ کے ساتھ کھڑے رہیں گے اور جو وعدے کریں گے ان پر عملدر آمد ہوتا سب کو نظر آئے گا۔ انھوں نے کہا کہ ان کی حکومت پسماندہ علاقوں کی ترقی ہر ترجیحی توجہ دے رہی ہے یہی وجہ ہے کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں سب سے زیادہ فنڈز بلوچستان کے لئے مختص کیئے گئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جنوبی بلوچستان کے لئے خصوصی پیکج پر عملدر آمد کیلئے رابطہ کمیٹی قائم کر دی گئی ہے اور جلد عملی اقدامات سب کو نظر آئیں گے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے لئے کثیر رقم مختص کی گئی ہے۔ یہ یہی ایک حقیقت ہے کہ موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد ہی سی پیک میں بلوچستان کیلئے منصوبوں پر عملدر آمد ہو رہا ہے۔ گوادر انٹرنیشنل ائرپورٹ کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ جبکہ مغربی روٹ کو ترقی دینے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ بوستان اور حب میں اسپیشل اکنامک زونز کی تعمیر کی منظوری دی جا چکی ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ جس طرح وزیر اعظم نے کراچی پیکج کے اجراء میں فراخدلی کا مظاہرہ کیا ہے اسی طرح جنوبی بلوچستان پیکج پر عملدر آمد اور کوئٹہ کی ترقی کے لئے خصوصی پیکج کا اعلان ہی جلد کیا جائے گا۔

دینی مدارس۔۔۔ سلامتی وتحفظ کا سایہ فگن

مدارس اسلامیہ کی نشت اول امن کے گہوارے سے تیار ہوتی ہے اور اس کے مقاصد واہداف میں

حافظ محمد صدیق مدنی

سلامتی اور تحفظ کا سایہ فگن ہوتا ہے اس واقعیت کے باوجود یہ پروپیگنڈہ کہ مدارس اسلامیہ دہشت گردی کے اڈے اور انتہاپسندی کے مراکز ہیں، معروضیت خالف ہیں۔ پوری دنیا میں جس مدرسہ کی بنیاد سب سے پہلے پڑی تھی وہ رحمۃ للعالمین کی زیر سرپرستی صفہ کے نام سے قائم ہوئی تھی، رحم جس کا کام، سلامتی جس کا اعلان اور تحفظ جس کا نظام تھا، اسی روشنی سے جلا پانے والے ہزاروں مدارس دینیہ گزرے دور سے لے کر آج تک اسی اساس پر قائم ہیں ہندوستان میں دینی مدارس بھی اسی نظام امن کے پیامبر اور محافظ ہیں، دینی مدارس کی بنیادی امن وسلامتی کے عنوان سے بنتی ہے اور اس کی تشکیل بھی خیر وخوبی کے صدائے عام سے ہوتی ہے۔ اجتماعی اقدار کی تشکیل میں دینی مدارس کے بنیادی کردار سے انکار، ایک برملا حقیقت کا انکار ہو گا! جن بنیادوں پر ان کا قیام عمل میں آیا ہے اس کا نتیجہ اور ہدف صالح اقدار کی تشکیل و تعمیر ہے، ان مدارس کا پس منظر یا ان کی تگ و دو کا نتیجہ، بہترین علماء، صاحب کردار فضلاء اور انسانیت کے علمبردار، حاملین اسلام کی پیداواری اور معاشرہ کی برائیوں، قباحتوں اور داخلی شورشوں کا انسداد ہے درحقیقت ان مدارس کا جو اساسی منشور اور بنیادی ہدف ہے وہ ہے "عالمی ضرورتوں کی اسلامی تکمیل" یہی وہ دائرہ ہے جس کے تحت سارے مدارس کا وجود عمل میں آیا ہے، گویا اپنے عمومی اور اساسی مفہوم میں مدارس دینیہ کی تاسیس عالمی ضرورتوں کی اسلامی تحصیل و تکمیل اور انسانی احتیاجوں کی بھرپائی ہے۔ یہی مدارس کا خاص ہدف ہے اور عام ہدف بھی، ان سے گریز، یا دامن کشی، اپنی اساس سے اعراض ہو گا، اور اگر ایسا ہے تو واقعی یہ المیہ اور نامسعود ہے ان تمام باتوں کے ساتھ ساتھ، حقائق کا صحیح اور مناسب جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ ہمارے دینی مدارس اپنے اساسی منشور سے تھوڑے بہت گریزاں ہیں، یہ کوئی خواہ مخواہ کا قیاس اور رائے زنی نہیں، بلکہ موجودہ دینی اداروں کے اقدامات، رویوں اور عمل سے یہ بات معلوم ہوتی اور واقعی یہ بڑی تکلیف دہ ہے، اس حوالے سے دینی جامعات کو غور وفکر کی ضرورت ہے۔

الحمدللہ اللہ رب العزت نے انسان کو عقل عطا کی ہے اور عقل عطا کرنے کا مقصد ہی تمیز بین الخیر والشر ہے، یعنی اسی عقل کے سہارے وہ اچھے برے میں تمیز کر سکے۔ اس سے معلوم ہوا کہ عقلمند کا ہر کام بامقصد ہوتا ہے، وہ کوئی بھی کام کرنے سے پہلے، مقصد کی تعیین کرتا ہے، تاکہ اس کی محنت اکارت نہ ہو؛ جیسے کوئی انسان دوکان خریدتا ہے، تو مقصد اس میں تجارت کرنا ہوتا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ اگر وہ اس میں تالا لگا دے تو لوگ بے وقوف کہیں گے، کہ عجیب آدمی ہے، دوکان خریدی یا بنائی اور ایسے ہی تالا لگائے پڑی ہے، تو تعجب کیوں؟ مقصد سے ہٹنے پر۔ ایسے ہی اللہ رب العزت نے انسان بنایا اور اسے اشرف المخلوقات کے مقام پر فائز کیا، تو تحقیق انسانی کا مقصد بھی بیان کر دیا "وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون" میں نے انسان اور جنات کو محض اپنی عبادت کی غرض سے پیدا کیا۔ تو معلوم ہوا کہ مقصد حیات انسانی، عبادت خداوندی ہے، بقیہ امور مثلاً: کھانا کھانا پینا سونا وغیرہ، مقصد نہیں، بلکہ ضرورت اور حاجت ہے، اگر کوئی انسان عبادت چل چھوڑ کے منہ موڑ کر محض کھانے پینے کمانے اور سیر وتفریح، کھیل کود میں لگ جائے، تو اس کا مطلب وہ اپنے مقصد سے ہٹ کر زندگی بسر کر رہا ہے۔ اسی لیے اس کا انجام جہنم اور عذاب ہو گا۔ جیسے قلم لکھنے کے لیے بنایا جاتا ہے، مگر اگر ایک مدت تک اسے استعمال نہ کیا جائے تو وہ بے کار ہو جاتا ہے۔ اب جب یہ بات سمجھ میں آ گئی، تو آیئے! مدارس کے قیام کا مقصد اور پس منظر بھی معلوم کرتے چلیں، تاکہ بعض روشن خیال، نام نہاد دانشور اور مدارس اور مسلمانوں کے نادان خیر خواہوں کو بھی بات سمجھ میں آ جائے، اور وہ مدارس سے ڈاکٹرز، انجینئرز اور سائنس داں پیدا کرنے کی خواہش ترک کر دے، اور خود اپنے گریبان کو جھانکیں کہ معاشرے کو خاص طور پر مسلمان معاشرے کو جو ڈاکٹرز، سائنس داں اور انجینئرز وغیرہ نہیں مل رہے ہیں، اس میں قصور ان کا ہے، مدارس کا نہیں۔ ابھی کچھ دنوں پہلے میں نے ایک روزنامہ میں پڑھا کہ اتنے کثیر تعداد میں مدارس ہونے کے باوجود پچھلے نو سو سال میں مدارس نے کوئی خوارزمی خیام رازی امت کو نہیں دیا، تو مجھے بڑا عجیب سا معلوم ہوا، کچھ ہنسی بھی آئی اور غصہ بھی؛ تو میں نے قلم اٹھایا اور ارادہ کر لیا کہ ان جیسے مقالہ نگاروں کے سامنے مدارس کا مقصد بیان کر دینا ضروری ہے تاکہ امت، خلط مبحث کا شکار نہ ہو جائے، امید ہے کہ اس کا بغور مطالعہ کریں گے۔ (جاری ہے)

طبقاتی نظام تعلیم سے چھٹکارا ممکن ہو گا (آخری قسط)

حاجی محمد لطیف کھوکھر

اس کی بہتری کیلئے والدین، سول سوسائٹی اور حکمرانوں سمیت معاشرے کے تمام ذمہ دار افراد کا فرض ہے، مطلوبہ نتائج کے حصول کیلئے گلیوں، ورکشاپس اور بس اڈوں پر کام کرنے والے بچوں کو سکولوں میں لانے کیلئے اور ان کی مالی حالت بہتر بنانے پر توجہ دینا ہو گی۔ اسلام ہمیں انسانیت کا درس دیتا ہے۔ علم وفضیلت ہماری بنیادی تربیت کا حصہ ہے لہٰذا مدارس کے طلبہ کو دینی تعلیم کے ساتھ ہنر بھی سکھانا ہو گا۔ تعلیمی نظام میں یکسانیت لا کر ملکی ترقی و خوشحالی کی راہ ہموار کی جا سکتی ہے۔ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پی کے کے اکثر و بیشتر تدریسی اثاثے جاگیرداروں اور وڈیروں کے قبضے سے واگزار کرانے، وہاں نئے مدارس اور تربیتی ادارے قائم کرنے کیلئے حکومت کو عملی اقدامات کرنا ہوں گے، پیشہ وارانہ اور تکنیکی تربیت پر بھرپور توجہ دے کر ماہر اور ہنرمند نوجوان پیدا کرنا ہوں گے، شب و روز تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے منصوبے تکمیل دینے کیلئے خصوصی پالیسی یونٹ قائم کرنا ہوں گے۔ شرح خواندگی میں اضافے اور مطلوبہ اہداف حاصل کرنے کیلئے سکولوں کی تعداد اور سہولیات میں اضافہ کے ساتھ ساتھ تربیتی و تکنیکی تعلیم کے مواقع کی فراہمی کے لئے مؤثر پالیسیاں وضع کرنا ہوں گی اور اس کیلئے ایک ہی نصاب تعلیم رائج کرنا ہو گا۔

ذرا جرآت کے ساتھ

وزیر اعلیٰ بلوچستان اور کابینہ کا کوئٹہ میں ہر شارع پر برج خلیفہ بنانے کا پروگرام،،،

میر اسلم رند

گزشتہ روز بلوچستان کابینہ نے اپنے اجلاس میں 60 فٹ اونچی عمارت بنانے کی تجویز دی ہے پتہ نہیں وزیر اعلیٰ صاحب کو یہ اعلیٰ صاحب کو یہ قیمتی مشورہ کسی دوست نے دیا ہے یا یہ ان کی اپنی تخلیق ہے جس شہر میں نہ پانی ہے نہ بجلی ہے اور نہ گیس نہ ہی ٹریفک کا کوئی بہترین نظام وہاں ایسے قانون بنانے سے صرف تباہی میں اضافہ ہو سکتا ہے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا کوئٹہ شہر میں زیادہ تر رہائشی علاقے ہیں جن کا گھر ٹائپ یعنی 1935 کے زلزلے کے مطابق ہے ان کے گھروں کا کیا بنے گا اس کی مثال ایسے ہو گی جیسے 10 فٹ کے آدمی کے سامنے 60 فٹ کا جن کھڑا کر دیا جائے یہ صرف چند بلڈر زمافیا کو فائدہ پہنچانے کے سوا کچھ نہیں ہو گا جیسا کے کوئٹہ کے عوام کو بخوبی معلوم ہیں گزشتہ 2 دھائیوں میں کوئٹہ ڈولپمنٹ اتھارٹی سے جتنے پرائیویٹ ہاوسنگ اسکیم کے نقشے پاس کرائے گئے ہیں ان میں نہ پانی ہے نہ بجلی ہے نہ ہی گیس اور نہ ہی سیوریج کا نظام، دنیا یا پاکستان کے جتنے شہروں میں ہاوسنگ اسکیم بنائیں جاتے ہیں ان میں گیس، بجلی، پانی، سیوریج، مسجد، اسپتال، اور اسکول کے لئے لازمی زمین رکھا جاتا ہے یہاں صرف پیسے دیکھ کر پلان پاس کئے جاتے ہیں، کوئٹہ شہر کے اطراف میں بنائے جانے والے تمام ہاوسنگ اسکیموں میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے وزیر اعلیٰ صاحب جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کوئٹہ شہر زلزلہ کے ریڈ زون پر ہے پہلے بھی کئی بار زلزلے آ چکے ہیں آپ کے تمام 35 اداروں میں سے کسی کے پاس کوئی جدید مشینری نہیں ہیں اس کی مثال میں آپ کو اس طرح سے دیتا ہوں 2 سال پہلے خدائیداد روڈ پر ایک بلڈنگ کے مالک نے بڑھا سا گڈھا کھودا تھا اچانک تیز بارش شروع ہو گیا گڈھے میں پانی بھرنے کی وجہ سے ساتھ والے 7 ٹائپ کے پانچ مکان بھی زمین بوس ہو گئے رمضان کامیبنہ تھا میں نے کمشنر کوئٹہ اور ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے صاحب کو فون کیا تو 6 گھنٹے کے بعد پی ڈی ایم اے والوں نے پمپ مشینیں بھجوائی وہ بھی ذاتی تعلقات کی بنا پر،، مشینری نیا ہونے کے باوجود ناکارہ تھی پی ڈی ایم اے کے کسی ملازم کو واٹر پمپ چلانا نہیں آتا تھا پھر لوگوں نے ساری رات اپنی مدت آپ کے تحت وہ پانی نکالا تمام مکانات زمین بوس ہو گئے یہ اللہ کا شکر ہے انسانوں کو بچا لیا گیا اس کے لئے میں اس وقت کی اے سی کوئٹہ میڈم بتول اسدی صاحبہ کا مشکور ہوں جنہوں نے ذاتی کوششوں سے ان گھر والے کو منتقل کیا ورنہ خدانخواستہ کوئی بھی بڑا سانحہ پیش آ سکتا تھا دوسری مثال یہ ہیں جب 2004 میں عاشورے کے دن سانحہ ہوا تمام پرنس روڈ جل چکا تھا لوگ پرنس روڈ کے نالیوں سے پانی نکال کر آگ بجھانے کی کوشش کر رہے تھے آپ کے کسی سرکاری ادارے کے پاس آگ بجھانے کا کوئی اوزار اور مشینری موجود نہیں تھا ان تمام مشکلات کے باوجود آپ کیسے 60 فٹ بلند بلڈنگ تعمیر کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں لوگ جاپان کی مثال دیتے ہیں کہ وہاں بھی تو زلزلے آتے ہیں میں ان سے صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں پہلے جاپان کی طرح ترقی کر کے دکھائیں وہاں سال میں ایک بھی چوری کا کیس نہیں ہوتا وہاں رات کو عورت اگر جنگل میں بھی چلی جائے اس کی عزت کو کوئی خطرہ نہیں ہوتا وہاں پانی، گران فروشی، رشوت ستانی یا پیسے دیکر کر بلڈنگ یا ہاوسنگ اسکیم پاس نہیں کروائے جاتے؟ وہاں زندگی جینے کے لئے تمام بنیادی سہولیات موجود ہیں پہلے اپنے صوبے میں وہ معیار یا قابلیت پیدا کریں پھر یہ قانون سازی کریں ورنہ ہر گلی کوچے میں برج خلیفہ جیسے ٹاور بنیں گے اور اگر خدانخواستہ کوئی بڑا زلزلہ آیا تو نیچے دبے ہوئے لاشوں اور مریضوں کو کئی ماہ تک نہیں نکالا جا سکتا۔

رپیس کی سزا سر تن سے سر عام جدا

اے ماؤں بہنوں بیٹیوں دنیا کی عزت تم سے ہے۔ مگر ان کی اپنی کوئی عزت ہے ہی نہیں۔ جس طرح تم ان کی عزت ہو

کائنات ملک

مگر وہ تمہاری عزت کیوں نہیں ہیں؟ تم تو ان کے ننگے بدن کو ڈھانپتی ہو مگر یہ تمہیں بے لباس کرتے ہیں۔ تم ان کے زخموں پر مرہم بن جاتی ہو۔ مگر یہ اسے دوز تمہیں زخمی زخمی کرتے رہتے ہیں۔ تم اپنے منہ کا نوالہ ان کے حلق میں اتارتی ہو۔ اور یہ تمہیں اپنی حواس کا نوالہ بنا لیتے ہیں یہ احسان فراموش ہیں۔ تمہارے ایک بوند دودھ کا یہ سو بار مر کر بھی قرض نہیں اتار سکتے جب تم نے ان کے ناتوان کمزور بدن کو زندہ رکھنے کے لیے اپنی چھاتی سے بسم اللہ پڑھ کر لگایا تھا۔ تم تو پیغمبروں کو جنم دینے والی مقدس ہستی ہو اور آج گندی نالی کے کیڑوں کے ہاتھوں پامال ہو رہی ہو۔ تم پیدا ہی نہ ہوتی ہو۔ یہ دنیا تمہارے قابل ہے ہی نہیں۔ نہ تم گھر کی چاردیواری کے اندر محفوظ ہو نہ چاردیواری کے باہر اور نہ ہی محفوظ پناہ گاہ قبر کے اندر بھی یہ مردار وہاں بھی تمہیں نوچنے کے لیے گھس آتے ہیں۔ یہ گھٹیا معاشرہ تمہارے قابل ہی نہیں ہے۔ جس کو تم پیدا کرتی ہو اپنی چھاتی سے لگا کر ان کو جوان دان دیتی ہو۔ انہیں پال پوس کر جوان کرتی ہو۔ اور پھر جب یہ جوان ہو جاتے ہیں۔ تو بے لگام ہو جاتے ہیں۔ اور بے لگامی کے نشے میں اتنے مدہوش ہو جاتے ہیں۔ کہ ان سے ان کی اپنی جوانی سنبھالی ہی نہیں جاتی تو پھر یہ تمہیں نوچ کھاتے ہیں۔ گدھ کی طرح تمہارے جسم کے ساتھ ساتھ تمہاری روح تک کو زندگی بھر کے لیے چھلنی چھلنی کر جاتے ہیں۔ دومنٹ کی حواس کی آگ کو بجھانے کے لیے تمہیں ساری عمر دکھ تکلیف اور کرب کی نہ ختم ہونے والی آگ میں جھونک کر چلے جاتے ہیں۔ یہ کیسا معاشرہ ہے۔ یہاں کیسے لوگ بستے ہیں۔ ایسے معاشرے پر تھو۔ تم پر ظلم کے پہاڑ توڑ دیے جاتے ہیں۔ اور پھر چور کو تو اس کو ڈانٹے۔ الٹا ہر زیادتی کا الزام بھی تم پر۔ وہ دور اچھا تھا جب بیٹی کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفن کر دیا جاتا تھا۔ اور آج دل کرتا ہے ہر ماں اپنے بیٹے کو پیدا ہوتے ہی دفن کر دے۔ نجانے کب یہ انسان حیوان بن جائے اور اپنی حواس کی بھینٹ میں کسی معصوم کی زندگی اجاڑ دے۔ صدیوں سے بنت حوا ظلم زیادتی کا شکار ہوتی آ رہی ہے۔ وہ اپنوں اور غیروں کے شر سے کہیں بھی محفوظ نہیں ہے۔ چاہے وہ پانچ سال کی بچی ہو یا پچاس سال کی بڑھیا۔ وہ گوری ہو یا کالی وہ ان پڑھ ہو یا پڑھی لکھی وہ بدصورت ہو یا خوبصورت وہ ننگے سر ہو یا خیمہ نما چادر میں لپٹی۔ وہ چار دیواری کے اندر ہو یا چاردیواری کے باہر وہ پیدل جا رہی ہو یا گاڑی میں وہ اکیلی جا رہی ہو یا ہجوم میں۔ وہ دن میں کام کر رہی ہو یا رات کے اندھیرے میں آرام۔ وہ بولے تب بھی وہ چپ رہے تب بھی غرض عورت صرف سزا کو ہی غیر محفوظ نہیں بلکہ اپنے گھروں، فیکٹریوں، کھیتوں، مختلف اداروں میں، کام کرنے والی جگہوں پر راہ چلتے تعلیمی تدریسی جگہوں اساتذہ کے ہاتھوں۔ تو کہیں مقدس رشتوں بھائی۔ باپ، چاچا۔ ماما۔ دیور سسر، سے پامال ہو رہی ہے۔ جنسی ہراسگی کا شکار ہو رہی ہے۔ کچھ اپنے درد کو برداشت نہیں کر پاتی تو بول پڑتی ہیں۔ تو کچھ چپ چاپ اپنے اندر درد سہتی رہتی ہیں۔ اور پل پل اندر ہی اندر جیتی اور مرتی رہتی ہیں۔ یہاں ظلم کی انتہا یہ ہے۔ کہ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانور بھی محفوظ نہیں انہیں بھی جنسی ہراسگی کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

موٹروے ریپ کیس ایک دل دہلانے والا واقعہ ہے۔ جہاں سوشل میڈیا پر لوگ اپنے اپنے انداز میں اس بربریت پر اپنے غم غصے کا اظہار کرتے ہوئے۔ اس واقع کی مزمت کر رہے ہیں۔ تو کہیں اس واقع کا سارا ملبہ اس مظلوم خاتون پر اس طرح ڈالا جا رہا ہے۔ اپنی خامیوں اور نااہلی کو چھپانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر اندھے قانون کے ایک کم ظرف افیسر جن کا کام صرف چور ڈاکوؤں اور اشرفیہ کی غلامی کرنا ان کے کالے کرتوتوں کو تحفظ فراہم کرنا ہوتا ہے۔ کا کہنا تھا جو کہ بعد میں سوشل میڈیا پر بے شمار لعنت ملامت سمیٹنے کے بعد اپنے الفاظ واپس لے لیے تھے کا غیر ذمہ دارانہ بیان جس میں مظلوم عورت کے زخموں پر مزید نمک پاشی کر رہے تھے بجائے اس کی دادرسی کے۔ اس واقع کا ذمہ دار عورت کو ٹھہراتے ہوئے کہا کہ دو رات بارہ بجے اکیلی اپنے بچوں ساتھ گھر سے نکلی ہی کیوں؟ اس نے اس نے اور مختصر راستے کا انتخاب کیوں کیا؟ گاڑی کا پیٹرول کیوں نہ چیک کیا۔ اکثر اوقات گاڑی میں پٹرول ہوتے ہوئے بھی گاڑیاں بیچ سڑک پر خراب ہو کر رک جاتی ہیں۔ عورت آدھی رات کو گھر سے نکلی ہی کیوں؟ پٹرول کیوں نہ ڈلوایا۔ تو ان کی اس کا یہ مطلب لیا جائے کہ اس خاتون کو اس بات کی اسے یہ سزا ملی کہ اس کے اوپر یہ ظلم کے پہاڑ ڈھائے جائے وہ بھی اس کے بچوں کے سامنے تاکہ ساری عمر ماں اور بچے ایک دوسرے سے بنا جرم کے نظریں بھی ملا نہ سکے۔۔ اور اس کا مال اور اس کی عزت تار تار کر دی جائے۔ اور اسے معاشرے میں نشان عبرت بنا دیا جائے۔ شرم تم کو آتی نہیں مگر۔ کیا تمہارے اپنے گھر میں کوئی عورت نہیں۔ اس عورت کی جگہ تمہاری اپنی ماں بہن بیٹی بیوی ہوتی تب بھی تم اس طرح کی بیان بازیاں کرتے؟ کیا تم لوگ اتنے بے حس اور مردہ ضمیر کے ہو چکے ہو کہ تمہیں انسان نظر آتے ہی نہیں ہے۔ انسانیت تمہارے اندر مر چکی ہے۔ خوف خدا نام کی کوئی چیز ہے بھی کہ نہیں۔ جو ساتھ ساہیوال میں پیش آیا تھا بے گناہ لوگ مارے گئے تھے۔ وہاں عورت تو اپنے مجازی خدا یعنی اپنے شرعی اور قانونی حقیقی شوہر اپنے شریک حیات کے ساتھ دن کے اجالے میں باپردہ سفر کر رہی تھی۔ اس کا کیا قصور تھا۔ پاکستان میں صرف ایک فیصد مرد ہیں جن کی سوچ پازیٹو ہے۔ باقی ننانوے فیصد مردوں کی سوچ اپنے گناہ کو چھپانے کے لیے سارا الزام عورتوں پر ڈال دیا جاتا ہے یہاں مرد مرد کو سپورٹ کرتا ہے اس کے جرائم پر پردہ ڈالتا ہے اور خود کو اعلیٰ اور عورت کو کمتر سمجھتا ہے۔ اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ وہ مرد پیدا زادہ ہے۔ وہ جو چاہے وہ اپنی مرضی سے سب کچھ کر سکتا ہے

کیونکہ یہ مردوں کا معاشرہ ہے۔ ایسے لوگوں کو اندازہ ہی نہیں ہے کہ ظلم وستم اور جبر کی چکی میں پس کر دکھ کرب کی ناقابل برداشت آگ جو خواتین جھل کر گزرتی ہیں ان پر کیا بیتتی ہے۔ ان کی اور ان کے خاندان کی زندگی کس قدر مشکل تکلیف دہ ہو جاتی ہے۔ وہ کوئی ان سے جا کر پوچھے۔ مگر وہ لوگ جو بجائے ان سے اظہار ہمدردی کے وہ بول بولنے کے مزید اپنی زہر آلود باتوں کے نشتر سے ان کا سینہ چھلنی چھلنی کرتے رہتے ہیں۔

ایسے لوگ ہمیشہ ہمدردی، شعور، جنسی نفرت، اور انسانیت کے جذبے سے عاری ہوتے ہیں۔ وہ انسان کہلانے کے بھی لائق نہیں ہوتے۔ انہیں کبھی کسی کی تکلیف کا احساس ہرگز نہیں ہوتا۔ یہی وہ رویے ہیں جو ہمارے معاشرے میں بگاڑ کا سبب بنتے ہیں۔ پاکستان میں جنسی ہراسگی کے واقعات کی شرح اسے روز بڑھتی جا رہی ہے۔ مگر نام نہاد قانون نے ابھی تک ان مجرموں کو کوئی ایسی سزا نہیں دی کہ اس واقعات کی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے روک تھام ہو سکے۔ اور اب وقت کا تقاضہ ہے۔ زیادتی کے تمام مجرموں کی سزا سے موت کی سزا سرے عام پھانسی کی صورت دی جائے۔ اور وہ سیاسی جماعتیں اور ان کے کارندے اس سزا کے خلاف ہیں۔ یقیناً وہ خود ایسے جرائم میں ملوث ہیں ہم ان سیاسی جماعتوں کی بھی بھرپور مزمت کرتے ہیں اور جو جو لوگ اس گناہ نے جرم میں ملوث ہیں۔ ان کو فوری گرفتار کیا جائے۔ ایسے لوگوں کو سر عام پھانسی دی جانی چاہیے۔ اور پھر پورے ملک کے ٹی وی چینلز پر لائیو دکھایا جائے تاکہ پھر کوئی درندہ حیوان نما ہوس پرست انسان ایسا جرم کرنے سے پہلے ہزار بار سوچے اور دوبارہ ایسے جرائم نہ ہوں۔ ہمارا حکومت پاکستان سے مطالبہ ہے کہ

((۔ رپیس کی سزا سر تن سے سر عام جدا))

کو فوری نافذ عمل کیا جائے کیا تاکہ ایک محفوظ معاشرہ تشکیل پا سکے۔ کیا آپ سب میری اس بات سے متفق ہیں؟

بزدار تیرا پنجاب غیر محفوظ ہو گیا (آخری قسط)

غلام مرتضیٰ باجوہ

پی او ہری پور، ڈی پی او کرک، ڈی پی او صوابی، ڈی پی او مانسہرہ اور ڈی پی او چارسدہ کے عہدوں پر فرائض ادا کئے۔ نئے آئی جی ایف آئی اے اور آئی بی میں بھی انتہائی اہم عہدوں پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ ایو این مشن موزمبیق، آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی امریکہ اور ایکسچینج آف پاکستان کویت میں بھی فرائض سرانجام دیئے۔

دوسری جانب آئی جی پنجاب انعام غنی اور سی سی پی او لاہور محمد عمر شیخ کی تعیناتی پر پہلے سیاسی اور اپوزیشن جماعتوں کو اعتراض تھا اب موجود صورت حال میں پنجاب کے عوام بھی خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگے ہیں۔ اس سلسلے میں مسلم لیگ (ن) نے انسپکٹر جنرل (آئی جی) پولیس پنجاب کا تبادلہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا۔ عدالت عالیہ میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک محمد احمد خان کی جانب سے درخواست دائر کی گئی۔ مذکورہ درخواست میں وفاقی اور صوبائی حکومت، موجودہ آئی جی انعام غنی، سابق آئی جی شعیب دستگیر، ایڈیشنل آئی جی پی آپریشنز ذوالفقار حمید اور کیپٹل سٹی پولیس افسر (سی سی پی او) لاہور محمد عمر شیخ کو فریق بنایا گیا ہے۔ لگی رہنما کی دائر کردہ درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ آئی جی پنجاب کا تبادلہ پولیس رولز کی خلاف ورزی ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ پنجاب پولیس سمیت تمام محکموں کی بہتری کیلئے اقدامات کرنا ہر حکومت کی ذمہ داری میں شامل ہے۔ اچانک حادثات میں اضافے اور سانحہ لاہور سیالکوٹ موٹروے کے بعد "بزدار تیرا پنجاب غیر محفوظ ہو گیا ہے"۔ موجود صورت حال سے نمٹنے کیلئے پنجاب حکومت کو فوری اقدامات کرنا ہوں گے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

زندگی کی تلخ حقیقتیں جمہور کی

کہنے والے کہتے ہیں تو ٹھیک ہی تو کہتے ہوں گے کہ پاکستان میں جمہوریت کرپشن کی علامت بن چکی ہے بڑے بڑے رہنماؤں نے سیاست کو صرف اپنی ترقی کیلئے مخصوص کر رکھا ہے یہی لوگ جرائم پیشہ افراد کی سرپرستی کر رہے ہیں کراچی، بلوچستان اور دیگر شہروں میں امن وامان کا مسئلہ بھی اسی لئے الجھا ہوا ہے کہ مجرم ذہنیت لوگوں نے سیاست اور جمہوریت کو یرغمال بنا رکھا ہے جس کی وجہ سے حالات مزید خراب ہوتے جا رہے ہیں یہ عناصر اتنے طاقتور ہیں کہ ان کی مرضی کے بغیر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے ان کے علاقوں میں قدم بھی نہیں رکھ سکتے اسلام ایک ایسا مذہب ہے جس میں ہر قسم کی کرپشن کو حرام قرار دیا گیا ہے اس کیلئے حرام اور حلال کا ایک وسیع تصور اس کے مفہوم ومعانی کا احاطہ کرتا ہے یہ الگ بات کہ اب پاکستانی معاشرے میں حرام اور حلال کی تمیز ختم ہو گئی ہے یہی مسائل کی اصل جڑ ہے دولت کی ہوس، ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ، معاشرہ میں جھوٹی شان وشوکت اور راتوں رات امیر بننے کی خواہش نے اکثریت کو بے چینی میں مبتلا کر کے رکھ دیا ہے۔ پاکستان کے کرپٹ افراد بہت طاقتور ہیں اس میں حکمران، بیوروکریسی، سیاستدان، فیوڈل لارڈ، سرمایہ دار اور بڑی بڑی شخصیات شامل ہیں انہوں نے باقاعدہ مافیا کی شکل اختیار کر لی ہے لیکن نظریات کیلئے قربانیاں دینے والے دنیا میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں، نبی اکرم ﷺ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ سقراط۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام، امام حسینؓ، امام ابوحنیفہؒ، سرمدؒ جیسی شخصیات کا نام اور مقام آج بھی دنیا میں سربلند ہے جبکہ ان کے دشمن تاریخ کی بھول بھلیوں میں گم ہو گئے اور آج ان کا کوئی نام لیوا بھی نہیں ہے۔ موافق حالات، طاقت کا بے رحم استعمال اور ریاستی جبر بھی ان کے ارادے متزلزل نہیں کر سکتا اور مشکلات بھی راستہ نہیں روک سکتیں۔ غور سے دیکھا جائے تو دنیا میں صرف دو ہی طبقے ہیں ایک بااختیار۔ دوسرا بے اختیار اور بے اختیار لوگوں کو اپنی دنیا آپ پیدا کرنا پڑتی ہے یہ اسے انسانیت کی معراج کہا جا سکتا ہے یہ بات ذہن نشین کرنا ضروری ہے کہ اپنی دنیا آپ پیدا کرنے والے نئی منزلیں تلاش کرتے ہیں اور دنیا ان کی تقلید کرنے پر مجبور ہو جاتی ہے۔ شاید اسی لئے اقبالؒ نے کہا تھا

یگانہ یورپ کے دستور نرالے ہیں
دیتے ہیں سرور اول لاتے ہیں شراب آخر

بالکل اسی طرح پاکستان ایک ایسا ملک بن گیا ہے جس میں تعلیمیافتہ نوجوانوں کو جاب کیلئے مقابلے کا امتحان پاس کرنا پڑتا ہے لیکن ہمارے سیاستدان اور حکمران کسی قابلیت کے بغیر بار بار اسمبلیوں میں آتے ہیں اور قابل ترین لوگوں پر حکومت کرتے ہیں اس سے زیادہ اور کیا ستم ظریفی ہو گی کہ نااہل لوگ قابل لوگوں پر حکومت کریں۔ ویسے اگر دیکھا جائے تو دنیا میں بہت سے کام بڑی بڑی حکومتیں نہیں کر پاتیں لیکن سماجی شخصیات ناممکن کو ممکن بنا سکتی ہیں بس تھوڑی سی توجہ، کوشش اور ہمت کی ضرورت ہوتی ہے ملک سے غربت اور بیروزگاری ختم کرنے کے لئے ایسے ہی انقلابی اقدامات کی اشد ضرورت ہے صرف آغاز میں ہی مشکلات ہوتی ہیں پھر دیئے سے دیا جلتا جاتا ہے ہم دل کی آنکھوں سے دیکھیں تو ہمیں ایسے افراد نظر آئیں گے جو تھوڑی سی توجہ سے معاشرے میں باعزت مقام پا سکتے ہیں آیئے! آج صدق دل سے ایک نئے مشن کا آغاز کریں ہر سال ایک فرد کو روزگار اور ایک غریب طالبعلم کی فیس کا

شال بقیہ 1

رویہ کرنے کے حوالے سے فیزیبلٹی رپورٹ تیار کی جارہی ہے اگر جلد کوئٹہ کراچی شاہراہ کو دورویہ نہ کیا گیا تو مزید حادثات میں جانوں کا ضیاع ہوگا ژوب کوئٹہ شاہراہ سمیت بلوچستان میں سی پیک کے پروجیکٹس پر تیزی سے کام جاری ہے آواران سے ہوشاب تک شاہراہ کی تعمیر بھی پروجیکٹس کا حصہ ہے گوادر، مکران اور بلوچستان کی ترقی کے بغیر سی پیک بے معنی ہے وزیر اعظم عمران خان نے سی پیک پروجیکٹس کے تحت بلوچستان کو نوازنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ آنے والی وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کو اہمیت دینے ہر وزیر اعلیٰ نے وزیر اعظم۔ سے درخواست کی گئی باپ پارٹی کی جانب سے سینٹ پر حاصل خان بزنجو کے بیٹے کے انکار کے بعد حاصل بزنجو کے کزن خالد کو ٹکٹ دیا گیا 15 ستمبر سے اسکول کھلنے کے حوالے سے بلوچستان حکومت کی تیاریاں مکمل ہے سولہ ہزار سے زائد تعلیمی اداروں میں ایس او پیز پر عمل درآمد متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کریں گے جن میں بارہ ہزار سے زائد ہر ائمری اسکول بھی شامل ہیں۔

شال بقیہ 2

سے محروم کیا ہے۔ مز کورہ وکیل نے معزز عدالت کو بتایا کہ اس مسئلے کا حکومتی سطح پر نوٹس لیا گیا ہے۔ لیکن جعلی لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیقی عمل میں تیزی لانے کی ضرورت ہے۔ جج نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ معاملے کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو حکم دیا گیا ہے کہ فوری طور پر اپنے متعلقہ اضلاع سے جاری لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق کرے۔ ڈپٹی کمشنرز لوکل ' ڈومیسائل سرٹیفکیٹ پر اٹھائے گئے اعتراضات کو سنے اور تصدیقی عمل کے سلسلے میں نادرا و دیگر متعلقہ اداروں سے مدد حاصل کریں۔ تمام ڈپٹی کمشنرز ایک نظام وضع کریں جس کے ذریعے سے لوکل و ڈومیسائل رکھنے والے افراد کی رہائش، پیشہ ورانہ، اور کاروباری پتو ں کی تصدیق کرسکے، اور اس سارے عمل کو 30 یوم کے اندر مکمل کریں۔ اس دوران اگر کسی بھی لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ جعلی یا مشکوک پایا گیا تو ایسے لوکل وڈومیسائل رکھنے والے اُمیدواروں کو ان کے دیے ہوئے پتے پر نوٹس جاری کریں۔

شال بقیہ 3

ایک ایجنڈے پر متفق ہونے کی دعوت دی ہے لہڑی ہاؤس ڈیرہ اللہ یار میں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما میر غلام رسول لہڑی کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی حکومت نے دو سالہ اقتدار میں عوام کو بیروزگار بے گھر کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی عوام حکومت سے مایوس ہو کر اپوزیشن کی جانب دیکھ رہی ہے اب بھی وقت ہے کہ عوام کے ہاتھ اپوزیشن کی گریبانوں تک پہنچے دونوں بڑی جماعتوں پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کو حکومت گراو ایجنڈے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے جمعیت علماء اسلام کیساتھ مل کر جدوجہد کرنا ہوگی جمعیت علماءX اسلام اپوزیشن جماعتوں کے متفقہ بیانیے کو لیکر ملک گیر تحریک چلا رہی ہے پشاور میں جے یو آئی کے ختم نبوت مارچ میں انسانوں کا سمندر امڈ آیا جس سے واضح ہوچکا ہے کہ عوام اب موجودہ حکومت کو اقتدار میں مزید دیکھنا نہیں چاہتی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ دھاندلی کی پیداوار سلیکٹڈ حکومت نے ملکی معیشت کو آئی سی یو میں پہنچادیا ڈی پی جی روتھ صفر تک پہنچ گیا ملک میں بیروزگاری مہنگائی اقربا پروری اور لوٹ مار کے ریکارڈ توڑے جارہے ہیں۔

شال بقیہ 4

چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات عبدالرحمن بزدار نے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے اس موقع پر بتایا کہ وفاقی بجٹ میں صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے 70 سے 80 ارب روپے کے فنڈز مختص کیے جاتے ہیں تاہم ان فنڈز میں سے صرف نصف حصہ بلوچستان حکومت کو فراہم کیا جاتا ہے جس سے صوبے میں جاری وفاقی ترقیاتی منصوبے متاثر ہوتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت نے فنڈز سے متعلق ایک موثر میکنزم تیار کیا ہے وفاق کی جانب سے اب جتنے فنڈز ترقیاتی منصوبوں کیلئے مختص کیے جائینگے اتنے ہی استعمال میں لائے جائینگے۔ انہوں نے پکی کینال کے دوسرے اور تیسرے مرحلے کی تکمیل کیلئے یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کینال کو مکمل کرنے کیلئے صوبائی حکومت کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہ وفاقی حکومت نے صوبائی دارالحکومت میں ایک بڑا تفریحی پبلک پارک بنانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ جس کیلئے زمین صوبائی حکومت فراہم کرے گی جبکہ فنڈز وفاقی حکومت فراہم کرے گی۔

شال بقیہ 5

وزیرستان سے ملتے ہیں وہاں سے بھی مریض علاج کے لیے ژوب کے ڈسٹرکٹ ہسپتال کو لے آتے ہیں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ و ماحولیات مطفا خان کاکڑ نے کہا کہ تمام ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف سے گزارش ہے کہ وہ اس معاملے میں میرا ساتھ دیں ہر ملازم کو چاہیے کہ وہ اپنی فرائض بخوبی سر انجام دے کر کسی دوسرے کی معاملات میں مداخلت نہ کرے تاکہ ہم اپنی مشن کو اچھی طرح سے جاری رکھ سکیں صوبائی وزیر نے کہا کہ کسی کو بھی کسی بھی صورت ہسپتال کے معاملے میں دخل دینے کا اجازت نہیں دینگے۔

شال بقیہ 6

جو میرے سرزمین کے بچوں اور نوجوانوں کو اس زہر قاتل کا عادی بنارہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے اپنے کمیٹمنٹ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں پہلی مرتبہ بیلا، چاکلو ار اور لورالائی میں کوئٹہ کے طرز پر تین ادارے زیر تکمیل ہے۔ اور دوسرے مرحلے میں تربت اور چاغی میں اسی طرز کے دو مزید ادارے بنائیں گے۔ صوبائی وزیر نے معاشرے کے تمام مکتبہ فکر کے افراد، علماء کرام، اساتذہ سماجی کارکن طالب علم، والدین اور سیاسی کارکنان متحد ہو کر اس زہر قاتل کے خلاف جنگ کرے۔ قبل ازیں ادارے کے ایڈمنسٹریٹر جاوید بلوچ نے صوبائی وزیر کو ادارے کے متعلق اور مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے ادارے کے تمام شعبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ادارے کے علاج اور معالجہ اور بحالی کے اقدامات کو مثالی قرار دیا۔ انہوں نے تربیتی مرکز کا بھی دورہ کیا جس میں ٹیلر نگ، بجلی کا کام، جوتے بنانے اور تعلیم یافتہ مریضوں کو کمپیوٹر کا عمل جاری تھا۔

شال بقیہ 7

میں بلوچستان کے عوام اور بلوچستان کے حقوق کی حصول کیلئے سینیٹ فورم پر بھرپور جدوجہد کریگے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال کی قیادت میں صوبے میں سنہری دور کا آغاز ہوچکا ہے اور صوبے کے عوام موجودہ حکومت کے اقدامات سے مستفید ہورہے انہوں نے کہا کہ سینیٹر خالد بزنجو کی کامیابی کا سہرا وزیر اعلیٰ جام کمال خان اور اتحادی جماعتوں کے قائدین کے سر جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ پارٹی کے نامزد امیدوار خالد بزنجو کا سینیٹر منتخب ہونا ہمارے سیاسی مخالفین کے لئے پیغام بھی ہے کہ مخلوط صوبائی حکومت میں شامل جماعتیں متحد ہیں اور ان میں اختلافات کی خبریں بے بنیاد ہیں، وزیر اعلیٰ جام کمال خان ایک زیرک سیاستدان ہیں ان کے خاندان کی بلوچستان کے لئے سیاسی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

شال بقیہ 8

پاؤنگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا سینیٹر منتخب ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی میں ملاقاتی تفریق کو بالائے طاق رکھ کر صرف میرٹ اور بااعتماد رہنماؤں کی تجاویز کی روشنی میں فیصلے کیے جاتے ہیں۔

شال بقیہ 9

ہوئے تھے مگر 68 سال گزر جانے کے باوجود بھی بلوچستان اب بھی گیس کی سہولت سے محروم ہے جبکہ محصولات میں اس کے واجب الادا حصہ باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قلات میں گیس کے ذخائر کی دریافت وفاقی حکومت اور صنعت کاروں کیلئے ایک خوشخبری ہے لیکن بلوچ عوام کی اپنی دولت کے فوائد سے مستفید ہونے سے قاصر ہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم نے بارہا کہا ہے کہ جہاں سے بھی معدنیات نکلیں تو سب سے پہلے وہاں کی ضروریات کو پورا کیا جائے، چاہے وہ خیبر پختونخوا ہو، پنجاب ہو، سندھ ہو یا بلوچستان ہو آئین کے آرٹیکل 173 میں واضح ہے کہ قدرتی وسائل جس صوبے کا ہو اس میں 50 فیصد پر صوبے کا حق ہوگا۔

شال بقیہ 10

کے علاقے ناگم آباد رضویہ سوسائٹی میں عمارت گرنے کا پہلا واقعہ رواں سال مارچ میں رونما ہوا، عمارت کے ملبے تلے دب کر 27 افراد جان کی بازی ہار گئے تھے۔ 40، 40 گز کے پلاٹس پر بنی ایک عمارت پانچ منزلہ تھی، مالک چھٹی منزل بھی بنا رہا تھا کہ پوری عمارت گر گئی جس کی زد میں دیگر دو عمارتیں بھی آگئیں۔ دوسری عمارت جون میں لیاری کے علاقے کھڈا مارکیٹ میں گری جس میں 22 افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔

شال بقیہ 11

کے بجٹ میں بھی اضافہ نہیں کیا گیا۔ خصوصی گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ حکومت نے کاروباری طبقے کو آسان کاروبار کے لیے سہولیات فراہم کیں جبکہ کورونا کے دوران حکومت نے امدادی پیکیج بھی دیا اور متاثرین کی مدد کی، حکومت نے مستحقین میں رقم بھی شفافیت سے تقسیم کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے نہ صرف ایک کروڑ 60 لاکھ افراد کی مالی مدد کی بلکہ حکومت نے پسماندہ طبقے کی بحالی پر بھی خصوصی توجہ دی۔ عبدالحفیظ شیخ نے کہا کہ ہم نجی شعبوں اور بیرونی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کی کوشش کررہے ہیں اور معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کررہے ہیں۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال حکومت نے کوئی ضمنی گرانٹ نہیں دی تاہم اخراجات کو کم کرنے کے لیے تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ حکومت نے برآمدات میں اضافے کے لیے متعدد مراعات دیں۔ انہوں نے کہا کہ 2 سال کے دوران حکومتی اخراجات میں 5 ہزار ارب روپے کی بچت کی گئی۔

شال بقیہ 12

تھے۔ ڈھوک بابا راجو میں مظہر حسین ملک کی وفات پر ان کے بھائی ظفر حسین ملک سے تعزیت کی اور ان کی مغفرت کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ وفاقی وزیر نے یونین کونسل بسال کے لئے پچاس لاکھ روپے کی لاگت سے بجلی کے کھمبوں کی فراہمی کا افتتاح کیا۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بسالی بجلیال سواں پل پر تراتوے لاکھ روپے کی لاگت آئیگی انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کے جذبے پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں جو وعدے کئے ان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کوشاں ہیں۔

شال بقیہ 13

۔ دوسری جانب بالانازی کے گوٹھ یوہڑ کے قریب فائرنگ سے ایک شخص علی محمد جاں بحق ہوگیا ہے، لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا ہے، ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی بتایا جاتا ہے۔

شال بقیہ 14

کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر و جمیل عطاء فرمائے۔ مرحوم کی تعزیت کا سلسلہ چھتن ہاؤسنگ اسکیم نزد مسجد اقصاء کے قریب جاری ہے۔

شال بقیہ 15

انتقام کا انتہائی جراتمندی و ثابت قدمی سے سامنا کررہا ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ میری آپ سب سے درخواست ہے کہ حمزہ کی جلد صحتیابی کیلئے خصوصی دعا فرمائیں۔

شال بقیہ 16

منرلز ایسوسی ایشن کے صدر میر بہروز بلوچ نے آل پاکستان مائنرز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن کے اہم اجلاس سے خطاب میں کہا انہوں نے کہا کہ مائننگ کے شعبے کو حکومت نے آج تک انڈسٹری کے طور پر تسلیم نہیں کیا جبکہ بلوچستان میں زراعت اور لائیو اسٹاک کے بعد مائننگ کا شعبہ ہے جس نے لاکھوں مزدوروں کو روزگار دیا ہے لیکن حکومت کی عدم توجہی کی وجہ سے یہ شعبہ بری طرح متاثر ہورہا ہے جس کی وجہ سے خدشہ ہے کہ تین لاکھ خاندانوں کا چولہا بجھ سکتا ہے مائنرز کے شعبے سے زیادہ تر وہ افراد وابستہ ہیں جو پڑھنا لکھنا نہیں جانتے صرف مزدوری کرنا جانتے ہیں اگر اس شعبے میں بے روزگاری بڑھ گئی تو امن و امان کی صورتحال مزید خدوش ہوسکتی ہے۔

شال بقیہ 17

ورچوئل اور فزیکل لیکچرز دیں گے اور ڈینا بھر میں بچوں کے امراض سے متعلق ہونے والی جدید ریسرچ سے شرکاء کو آگاہ کریں گے۔ اس کانفرنس میں عالمی وبائی مرض کورونا سے متاثر ہونے والے ڈینا بھر کے بچوں اور ان میں پیدا شدہ پیچیدگیاں خصوصی طور پر زیر بحث ہوں گی جبکہ پاکستان میں اس وبائی مرض کے دوران بچوں میں حفاظتی ٹیکہ جات لگانے کی شرح میں واقع کمی پر بحث ہوگی اور اس کیلئے خصوصی مہم چلانے پر زور دیا جائے گا تاکہ ملکی سطح پر حفاظتی ٹیکوں سے بچائی جانے والی بیماریوں کی وبائی صورتحال سے بچا جاسکے۔ حالیہ عالمی وبائی مرض کورونا کی وجہ سے ڈینا بھر کے ماہرین امراض ورچوئل (آن لائن) براہ راست لیکچرز اور ٹریننگز کو خصوصی اہمیت قرار دے رہے ہیں اور اس کانفرنس میں بھی ڈینا بھر کے ماہرین سے استفادہ کیا جائے گا۔ کانفرنس کے سائنٹیفک کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر نور بلوچ نے بتایا کہ اس کانفرنس سے بلوچستان بھر کے نوجوان ڈاکٹرز، سپیشلسٹ، جنرل پریکٹیشنرز، فیملی فزیشن، گائناکالوجسٹ، نرسز، میڈیکل کے طلباء و طالبات بے حد مستفید ہوں گے۔

شال بقیہ 18

پٹ فیڈر کینال میں نہا رہے تھے کہ اچانک تینوں بچیاں پانی میں ڈوب گئے اطلاع ملنے پر علاقہ مکینوں نے فوری طور ریسکیو کرکے دو بچیوں فریدہ بی بی اور فلک خاتون کو پانی سے بیہوشی کی حالت میں نکال لیا تاہم ہسپتال پہنچایا جارہا تھا کہ وہ دونوں راستے ہی میں دم توڑ گئے اور ایک بچی کی تلاش تاحال جاری ہے دو بچیوں کی لاشیں گھر پہنچنے پر ہر طرف کہرام مچ گیا اور ہر آنکھ اشک بار نظر آئی واضح رہے کہ اس سے قبل بھی کئی افراد پٹ فیڈر کینال میں نہاتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق ہوچکے ہیں۔

شال بقیہ 19

صورت برداشت نہیں کریں گے آج میکانگی روڈ پر تاجروں کے ساتھ ہونے والے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ہر روز تجاوزات کے نام دو کانوں کو سل کر کے لوگوں سے پیسے بٹورے جانا کسی صورت قبول نہیں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کسی صورت دکانداروں اور تاجروں کے ساتھ اس طرح کا رویہ قبول نہیں کریں گے اور معزز تاجروں کو زور زبردستی دکانوں سے نکال کر کے اور دھرتی کے ساتھ گاڑیوں میں دیکھ دے کر بند کرتے ہیں اس طرح کا رویہ ہر روز کیا جاتا ہے اور پھر ان کو بھاری جرمانہ کرکے ایک دو دن تک ان دکانوں کو سیل کرتے ہے اس طرح کے واقعات روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے کمشنر کوئٹہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے ہم مطالبہ کرتے ہیں ان واقعات کا فوری طور پر نوٹس لے کر فوری طور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے اگر یہ سلسلہ برقرار رہا تو مرکزی انجمن تاجران بلوچستان تمام یونٹوں کا اجلاس بلا کر آئندہ احتجاج کا اعلان کرے گا جس کا تمام تر ذمہ داری ضلع انتظامیہ پر ہوگی۔

شال بقیہ 20

جمالی، رفیق گھنیا، حفیظ اللہ، محمد اسلم، ڈاکٹر زخسانہ نے کہا کہ 2009 میں تشکیل شدہ کیڈرز اور انڈکشن کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اسے جنرل کیڈر کے ڈاکٹروں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف قرار دیا۔ کیڈرز کی تشکیل اور انڈکشن سے متعلق سپریم کورٹ آف پاکستان نے آٹھ جون 2017 کے بتاریخ میں 1984 اور 2001 کیسروں رولز کو مدنظر نہ رکھنے کے حوالہ جات واضح طور پر جنرل کیڈر ڈاکٹروں کے حقوق کا دفاع کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیڈرز کی 2009 میں تشکیل صوبے کے اختیارات میں نہیں آتے تھے مگر اس غیر قانونی عمل کو چند مخصوص افراد کو نوازنے کے لیے کیا گیا، جس میں نہ صرف میرٹ کی پامالی اور سینیارٹی کو بری طرح نقصان پہنچایا گیا بلکہ غیر مستند، نامکمل اور غیر قانونی طور پر حاصل کردہ ڈگریوں اور ڈپلوماز کو جائز قرار دیتے ہوئے انڈکشن میں شامل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 27 جون 2017 کے بلوچستان سروس ٹریبونل میں ڈاکٹر محمد اسلم وغیرہ کے کیس میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں 30 دن کے اندر اندر سروس رولز کو تمام اسٹیک ہولڈرز کی باہمی مشاورت سے تبدیلی کیا کرکے ڈرافٹ پر عمل درآمد کروانے کو ایک سازش قرار دیا گیا۔

شال بقیہ 21

سیاست کو بدنام اور نیب کو انتقامی سیاست پر چھوٹ دینے سے یہ ثابت ہوگیا کہ عمران نیازی اور جرنیلوں کی ایک پیج پر ہونے سے جمہوریت کو پروان نہ چڑھنے کی سبب ان مقتدر قوتوں کو عوام کی ترقی و خوشحالی اور 18 ویں ترمیم بل راست اور اہم ہضم نہیں ہورہا اور وزیر اعظم کا بلوچستان کا دورہ اسی کھڑی کا حصہ اور بلوچستان حکومت کو بھی عثمان بزدار اور کے پی کے حکومت کی طرح اپنے ماتحت کے طور پر چلانے کے خواہش ہے اور سندھ کے وزیر اعلیٰ کے جرات مند اور دلیرانہ فیصلوں سے وزیر اعظم اور اس کے کابینے کے وزراء کو سیاسی جمہوری اقدار اور خود مختاری صوبائی حکومت پسند نہیں وزیر اعظم ہر جگہ شبلی اور مراد سعید جیسے منفی سیاسی سوچ اور جمہوری اقدار سے نابلد وزیروں کی ضرورت ہے اگر یہی حالات رہی اور ریاست نے وزیر اعظم کے ہاں میں ہاں ملانے کو مزید رواں رکھا تو ریاست بھی اتنا ذمہ دار ہوگا جتنا عمران نیازی ہوگا۔

شال بقیہ 22

کہا گیا ہے کہ گزشتہ چھ ماہ سے لاڑی چائس پیج معطل ہونے کے باعث چمن شہر کے پندرہ ہزار خاندان نان شبینہ کے محتاج بن کر رہ گئے ہیں کیونکہ چمن ایک پسماندہ علاقہ ہے جہاں نہ زراعت ہے نہ انڈسٹری نہ کوئی معدنیات نہ کانیں ہیں چمن شہر کے غریب عوام کا زریعہ معاش بارڈر سے وابستہ ہے اور قیام پاکستان سے 2017 تک انہیں صبح سے غروب آفتاب تک آنے جانے اور چھوٹی موٹی اشیاء ساتھ لانے کی اجازت تھی تین سال پہلے ان کا یہ ٹائم چار گھنٹے تک محدود کردیا گیا تھا گزشتہ سال جب بارڈر بند کیا گیا تو انجمن تاجران چمن اولطرفی اتحاد کے ساتھ مذاکرات کے بعد اس ٹائم کو بحال کردیا گیا جس پر یکم مارچ 2020 تک عمل درامد ہوتا رہا اب گزشتہ چھ ماہ سے ان کا یہ کاروبار جس کے تحت وہ استعمال شدہ اشیاء (سیکنڈ ہینڈ اشیاء) بارڈر سے چمن لاسکتے تھے پر پابندی ہے۔

شال بقیہ 23

ماچس کی تیلی سے کمرے میں زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں خاتون اور بچی سمیت تین افراد جھلس کر زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

شال بقیہ 24

وسائل بروئے کار لارہی ہے تاکہ ان مشکل حالات میں اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کو امداد مل سکے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور نے انہیں ضلع بھر میں سیلابی صورتحال اور متاثرہ علاقوں کے متعلق کمشنر نصیر آباد کو تفصیل سے آگاہی فراہم کی انہوں نے بتایا کہ حالیہ سیلاب سے گنداواہ نوتال روڈ متاثر ہوا ہے جبکہ میرپور، جتھیاری، مٹ سندھر، سیف آباد کے علاقے بھی متاثر ہوئے ہیں سیلاب متاثرین میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نمنیٹ، راشن، اور دیگر ریلیف کی اشیاء فراہم کی جاچکی ہیں جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں سیف آباد اور شہمائی میں فری میڈیکل کیمپس قائم کئے گئے ہیں جہاں روزانہ کی بنیاد پر سیلاب متاثرین میں ادویات فراہم کی جارہی ہیں۔

شال بقیہ 25

حوالے سے اپنی شکایات سے ایس ایس پی کو آگاہ کیا جس پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ایس پی سٹی نے فوری طور پر اے ایس پی سٹی میاں تحسین اقبال کی نگرانی میں جرائم اور منشیات کے گھناؤنے کاروبار کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی جس میں ایس ایچ او سٹی محمد آصف نیچ، اسسٹنٹ ایس ایچ او غلام علی ایڑو، سی آئی اے انچارج لشکران خان سنگھوری، و دیگر پولیس اہل کاروں نے عوام شکایات کے ازالے کے طور پر ایک منشیات فروش حاجی خان ولد شادی خان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا ملزم کے قبضے سے 53 پڑیاں ہیروئن برآمد ہوئیں جس پر پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کے دیگر ساتھیوں کی تلاش شروع کردی ہے ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 26

کلو، بھنڈی 120 سے 130 روپے فی کلو جبکہ کدو 40 سے بڑھ کر 60 روپے، لیمو 160 روپے فی کلو میں فروخت کیا جارہا ہے، مہنگائی نے اور سبزیوں کی قیمتوں نے شہریوں کو پریشان کر دیا شہریوں کا کہنا ہے کہ نئے پاکستان سے اس قدر مہنگائی کی امید نہیں تھی، نئے پاکستان کی عوام گراں فروشوں کے رحم و کرم پر ہے، حکومت فی الفور گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کرے، جبکہ دوسری جانب دکانداروں کا کہنا ہے کہ مین مارکیٹ سے سبزیوں کی قیمتوں میں اضافے کے باعث قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد سبزی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔

شال بقیہ 27

ڈوب چکا ہے شہر کے قدیم قنبال گراؤنڈ نزد ریلوے کالونی بارش کے پانی سے جھیل بن چکی ہیں جس میں پانی میں رہنے والے جانور اور پرندے دیکھنے کو مل رہے ہیں گراؤنڈ کے آس پاس فٹ بال کے کھیل تعلق رکھنے والے نوجوانوں فٹ بال کھیلنے محروم ہوچکے ہیں انہوں کہا کہ میونسپل کمیٹی ژوبہ مراد جمالی کی نااہلی کی وجہ سے اس کی پانی نکالی کیلئے اقدامات نہیں کی جارہی ہیں فٹ بال گراؤنڈ میں پانی بھر جانے سے فٹ بال کے کھیل سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں میں مایوسی کی لہر دوڑ رہی ہیں انہوں نے کہا کہ شہر میں حساب کے تین کھیل کے میدان ہے انکی بہتر انداز میں دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے کھیل کے میدان تباہ ہورہے ہیں۔

شال بقیہ 28

کوئٹہ کے علاقے ہزار گنجی میں گاڑی اور موسائیکل کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں دو افراد محمد نواز، محمد اکرم نامی شخص زخمی ہوگئے پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 29

نواتی گاؤں محمد اکبر جتوئی میں خاتون علینا نے گھریلو رنجش کی بنا پر اپنے شوہر عنایت اللہ مگسی کا گلا گھونٹ کر قتل کردیا اطلاع ملنے پر ایس ایچ او گل حسن بہرانی پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوع پر پہنچ کر لاش اپنی تحویل میں لیکر سول اسپتال پہنچائی جہاں سے ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون ملزمہ کو گرفتار کرلیا ہے اور تحقیقات شروع کردی۔

شال بقیہ 30

جاری رہا۔ موسلادھار بارش کے باعث موسم خوشگوار ہوگیا گرمی کا زور ٹوٹ گیا تفصیلات کے مطابق اتوار کی شام کو گرج چمک کیساتھ موسلادھار بارش کا سلسلہ ہوگیا جس کے باعث موسم خوشگوار ہوگیا اور گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔

شال بقیہ 31

میں نہاتے ہوئے ایک شخص ڈوب کر جاں بحق ہوگیا لیویز کے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 32

اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز کو علاج کیلئے فوری ہسپتال منتقل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ حمزہ شہباز کا کورونا کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے اور وہ گزشتہ تین روز سے شدید بخار میں مبتلا ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بگڑتی ہوئی صحت کو دیکھتے ہوئے انہیں کوٹ لکھپت جیل سے فوری ہسپتال منتقل کیا جائے۔ حمزہ شہباز کے علاج کی تمام قانونی ذمہ داریاں پوری کی جائیں، علاج میں سستی یا لاپرواہی سے حمزہ شہباز کی صحت خطرے سے دوچار ہوسکتی ہے، قوم اور پارٹی کارکنان حمزہ شہباز کی صحت کے لئے دعا گو ہیں۔

شال بقیہ 33

کے مشیر برائے احتساب و داخلہ شہزاد اکبر کے بیان پر رد عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ گھٹیا پن کے سوا آپ سے اور امید بھی کیا کی جاسکتی ہے؟۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چوروں اور جھوٹوں کے سردار دوسروں پر الزام لگانا بند کریں، آٹا اور چینی چور دوسروں پر انگلی اٹھانا بند کرے، جھوٹے صرف ٹویٹر پر الزام لگا سکتے ہیں اور ثبوت کے وقت عدالتوں سے بھاگ جاتے ہیں، غیر ملکی اخباروں میں رشوت دے کر جھوٹی خبریں لگوائی جاسکتی ہیں لیکن اس سے الزام سچ ثابت نہیں ہوسکتے۔

شال بقیہ 34

صبح کا اجلاس ہوا، اجلاس میں گورنر سندھ عمران اسماعیل، ملک ریاض حسین، عقیل کریم ڈیڈھی، عارف حبیب، محمود مولوی، معروف کاروباری شخصیات فاطمہ گروپ کے فواد مختار، لیک سٹی ہولڈنگ گروپ کے گوہر اعجاز، سیفائر گروپ کے شاہد عبداللہ، یو ایس گروپ کے میاں محمد احسن، طارق رفیع، احمد تنویر، ندیم فیروز سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس میں راوی سٹی اور بنڈل آئی لینڈ منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ راوی سٹی اور بنڈل آئی لینڈ منصوبے غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش ہیں۔ ان منصوبوں سے روزگار کے بے شمار مواقع پیدا ہونگے۔ اس موقع پر سرمایہ کاروں نے وزیر اعظم کے تعمیراتی صنعت کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 35

پاکستان سپلیمنٹس فرانسس شاہ اور مسٹر جانسن برنارڈ ایڈیشنل رجسٹرار و ڈائریکٹر اوورسیز سیل لاہور ہائیکورٹ نے یہاں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنے کے حوالے سے ہماری اقلیتی برادری بڑا اہم کردار ادا کررہی ہے، پاکستان ایک پرامن ملک ہے جس کا ثبوت بھارت سے واپس آنے والے ہندو خاندان کی واپسی ہے، پاکستان میں تمام مذاہب کو اپنی مذہبی رسومات آزادی کے ساتھ منانے کی اجازت ہے، مسلمان اور اقلیتی برادری ایک دوسرے کے مذہب کا احترام کرتے ہیں۔ بشپ آف پاکستان سباسٹین فرانسس شاہ نے کہا کہ بطور وزیر اعلیٰ اقلیتوں کیلئے آپ نے بہت مراعات کا اعلان کیا جن میں تعلیمی اداروں کی واپسی، کرسچن کچی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دینے، چرچوں کی بحالی و مرمت کیلئے فنڈز کی فراہمی اور پنجاب اسمبلی میں پہلی بار اقلیتوں کی نمائندگی کیلئے وزارت کا قیام نمایاں اقدام ہیں جنہیں بیرون ممالک میں آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

شال بقیہ 36

امیر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظم اور ڈسپلن کا نام ہے کارکن اور قیادت ایک ہی صف میں کھڑے ہیں 25 اکتوبر کو قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کا کوئٹہ میں ریکارڈ توڑ جلسہ عام ہوگا جو کٹھ پتلیوں پر زلزلہ ثابت ہوگا ملک کی اسلامی شناخت اور تحفظ ختم نبوت کی خاطر ہر حد تک جاسکتے ہیں انہوں کہا کہ اس نازک صورتحال میں جہاں تمام ادارے دیوالیہ ہوچکے ہیں عوام پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں وہ سرکاری میڈیا اور سرکاری وزراءX کی بیکی باتوں میں آنے کی بجائے ملک وملت کی فکر کرتے ہوئے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی بصیرت افروز اور جرائت مندانہ سیاست کا ساتھ دینا ہوگا ورنہ ملک مزید تباہی کی طرف چلا جائے گا انہوں نے کہا کہ ملک کے اندر اسلام اور ملک مخالف لوگ ہماری تہذیب واقدار کو نقصان پہنچانے کیلئے سرگرم عمل ہیں انہوں نے کہا کہ دوسری جانب خون پسینے سے ملک کی خدمت کرنے والے آج بھی استحصال کا شکار ہیں

25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ریکارڈ توڑ جلسہ عام ہوگا، مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام نظم اور ڈسپلن کا نام ہے کارکن اور قیادت ایک ہی صف میں کھڑے ہیں

25 اکتوبر کو قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کا کوئٹہ میں ریکارڈ توڑ جلسہ عام ہوگا، جمعیت علماء اسلام

کراچی، طالبات سندھ مدرسۃ الاسلام یونیورسٹی میں انٹری ٹیسٹ دے رہی ہیں

زیارت (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع زیارت کے زیر اہتمام عظیم الشان تربیتی کنونشن زیر صدارت ضلعی امیر مولانا نور الحق منعقد ہوا جس میں عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی کنونشن سے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبد الواسع صوبائی جنرل سیکریٹری مولانا آغا محمود شاہ سابق صوبائی امیر سینیٹر مولانا فیض محمد رکن قومی اسمبلی مولانا کمال الدین مولانا عبد الرحمن رفیق مولانا محمد سرور موسیٰ خیل مولانا صلاح الدین ایوبی مولانا عبد الخالق مری داور خان کاکڑ خلیل الرحمن دمڑ اصغر خان ترین حاجی عنایت اللہ بازئی یحییٰ خان ناصر مولانا محب اللہ اور دیگر نے خطاب کیا صوبائی [illegible] نمبر36 صفحہ3 پر

قانون سب کے لیئے ہے، عملدرآمد کرنا ہوگا، بیرسٹر فروغ نسیم

وکلاء کو قانونی میدان میں اہم و قانونی کردار ادا کرنا ہوگا، مظلوم عوام اور وکلاء کیلئے آواز ایوان تک پہنچانے کیلئے جدوجہد تیز کرنی ہوگی

فروغ نسیم لائرز گروپ آف پاکستان کا اجلاس ملک بھر سے بیرسٹرز وکلاء کی شرکت، بلدیاتی الیکشن اور بار کونسل کے انتخابات کے لیے حکمت عملی طے کی گئی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و فروغ نسیم لائرز گروپ آف پاکستان کے سربراہ بیرسٹر فروغ نسیم نے کہا ہے کہ قانون سب کے لیئے ہے، قانون پر عملدرآمد ہونا چاہئے، یہ پیغام سندھ ہائی کورٹ بار کونسل میں فروغ نسیم لائرز گروپ آف پاکستان کے وکلاء کی اہم اجلاس میں عبدالجبار قریشی ایڈووکیٹ نے پڑھ کر سنایا۔ بیرسٹر فروغ نسیم نے وکلاء کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ وکلاء کو قانونی میدان میں اپنا اہم و قانونی کردار ادا کرنا ہوگا۔

ڈسٹرکٹ پولیس کے بھرتی ہونے والے امیدواروں کا ڈوپ ٹیسٹ ہوا

دلاور الدین ایس پی چاقی کیپٹن ریٹائرڈ وہیب محسن کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ پولیس کے بھرتی ہونے والے امیدواروں کا ڈوپ ٹیسٹ ہوا

دلاور الدین (این این آئی) دلاور الدین ایس پی چاقی کیپٹن ریٹائرڈ وہیب محسن کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ پولیس کے بھرتی ہونے والے امیدواروں کا ڈوپ ٹیسٹ ہوا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس کے بھرتی ہونے والے امیدواروں کی شیڈول کے مطابق مرحلہ وار چھاتی قد و پیمائش کروایا گیا تھا [illegible] نمبر42 صفحہ3 پر

عوام نے صدارتی اور پارلیمانی دونوں نظام دیکھ لیے، کوئی نظام بھی ان کے مسائل حل نہیں کرسکا، مولانا عبدالحق ہاشمی

جماعت اسلامی کو آزمایا مگر کوئی تبدیلی نہ آئی، مسائل حل ہوئے عوام کی مشکلات اور پریشانیوں کا حل صرف اسلامی نظام میں ہے، جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ عوام نے صدارتی اور پارلیمانی دونوں نظام دیکھ لیے مگر کوئی نظام بھی ان کے مسائل حل نہیں کرسکا۔ عوام کی مشکلات اور پریشانیوں کا حل صرف اسلامی نظام میں ہے۔ عوام نے سب جماعتوں کو آزمالیا مگر کوئی تبدیلی آئی نہ ہی مسائل حل ہوئے جماعت اسلامی ہی مسائل کو حل کرنے، اسلامی نظام نافذ اور بلوچستان کو خوشحال بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے [illegible] نمبر45 صفحہ3 پر

ارسطو سمیت پوری ن لیگ کو بہت محنت سے بنائے تھانہ کلچر تبدیل ہونے پر بہت تکلیف ہے، ڈاکٹر شہباز گل

رانا ثناء کا بیان ریکارڈ پر ہے کیسے انہوں نے ایک متنازعہ ٹی کے کردار پر اعلیٰ افسران کی معاون خصوصی کا احسن اقبال کے بیان پر رد عمل

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے سیاسی رابطہ ڈاکٹر شہباز گل نے احسن اقبال کے بیان پر رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ارسطو سمیت پوری ن لیگ کو بہت محنت سے بنائے تھانہ کلچر تبدیل ہونے پر بہت تکلیف ہے۔ اپنے بیان میں شہباز گل نے کہا کہ ان لوگوں نے ہمیشہ وہ پولیس آفیسر ڈنگا کے جوانکے پاس میں بیٹھتے ہوں۔ ڈاکٹر شہباز گل نے [illegible] نمبر44 صفحہ3 پر

پسماندہ علاقوں کی عوام کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، ملک امین اسلم

گیس، تیل کے ذخائر دریافت ہونے کے بعد ان کے استعمال کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش ہو، معاون خصوصی برائے موسمیاتی تبدیلی

انٹرافغان مذاکرات کا آغاز تاریخی مرحلہ اور جنگ کے ستائے افغان عوام کیلئے صبح نو کی نوید ہے، وزیر اطلاعات

انک (این این آئی) معاون خصوصی برائے موسمیاتی تبدیلی ملک امین اسلم نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کے وژن کے مطابق پسماندہ علاقوں کی عوام کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے 1974 کے آئین کے مطابق جس علاقے میں گیس اور تیل کے ذخائر دریافت ہوں گے اُنکے 5 کلومیٹر کے علاقے کے اندر گیس فراہمی لوگوں کا بنیادی حق ہے اس تناظر میں [illegible] نمبر50 صفحہ3 پر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ انٹرافغان مذاکرات کا آغاز تاریخی مرحلہ اور جنگ کے ستائے افغان عوام کیلئے صبح نو کی نوید ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ انٹرافغان مذاکرات کا آغاز تاریخی مرحلہ اور [illegible] نمبر43 صفحہ3 پر

میڈیا کی خبر پر ڈرگ انسپکٹر محفوظ مری کا فوری نوٹس، اوستہ محمد شہر کے میڈیکل اسٹوروں کا دورہ، 2 کو نوٹس دیئے

بغیر لائسنس کے کسی کو بھی غیر قانونی میڈیکل اسٹور چلانے کی پرمٹ جاری نہیں کی جائے گی اور اوپیات جو پولیس کی نگہ جائیں گی، محفوظ مری

اوستہ محمد (این این آئی) میڈیا کی خبر پر ڈرگ انسپکٹر محفوظ مری نے فوری نوٹس لیتے ہوئے اوستہ محمد شہر کے میڈیکل اسٹوروں کا دورہ کیا۔ ڈرگ انسپکٹر محفوظ مری کے دورے کا سن کر غیر قانونی میڈیکل اسٹور چلانے والوں کی دوڑیں لگ گئی۔ غیر قانونی میڈیکل [illegible] نمبر51 صفحہ3 پر

ایل او سی پر بلا اشتعال فائرنگ، بھارتی ناظم الامور کی دفتر خارجہ طلبی، پاکستان نے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا

بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے عالمی توجہ نہیں ہٹا سکتا، ترجمان دفتر خارجہ کا سرحد پار سے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے لائن آف کنٹرول پر سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی پر بھارتی ناظم الامور گورو آہلووالیا کو دفتر خارجہ طلب کرکے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا ہے۔ اتوار کو ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارتی ناظم الامور سے بھارتی فائرنگ اور گولہ باری [illegible] نمبر52 صفحہ3 پر

پشاور، پشاور زلمی کی جانب سے کرکٹ ٹیلنٹ کی تلاش کیلئے ٹرائلز کے دوران کورونا وائرس ایس او پیز کا خیال رکھا جا رہا ہے

آکسفورڈ یونیورسٹی کی ویکسین کا ٹرائل ایک ہفتے کے تعطل کے بعد دوبارہ شروع

بڑے ٹرائلز میں اتفاقیہ طور پر بیماریاں ہوں گی لیکن آزادانہ طور پر اور احتیاط سے ان کا جائزہ لیا جائے گا، کمپنی

لندن (این این آئی) برطانیہ کی آکسفورڈ یونیورسٹی اور دواساز کمپنی استرازینیکا کی کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے تیاری کے مرحلے سے گزرنے والی ویکسین کا ٹرائل ایک ہفتے کے تعطل کے بعد دوبارہ شروع کردیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ٹرائل کو ایک رضاکار کے نامعلوم وجہ سے بیمار ہونے کے بعد روک دیا گیا تھا۔ ویکسین کے ٹرائل کو دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ ایک خودمختار سیفٹی ریویو کمیٹی اور برطانوی طبی ریگولیٹر نے کیا۔

ملزم کی شناخت تو فارنزک لیب کا نظام قائم ہونے کی وجہ سے ہوئی، پرویز رشید

آپ کی اہلیت یہ ہے کہ ملزم آپ کی آنکھوں میں دھول جھونک کر فرار ہوگیا، لیگی سینیٹر کا شہباز گل کو جواب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر پرویز رشید نے معاون خصوصی شہباز گل کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملزم کی شناخت تو فارنزک لیب کا نظام قائم ہونے کی وجہ سے ہوئی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملزم کے ٹھکانے تک تو آپ کو شہباز شریف نے پہنچا دیا، آپ کی اہلیت یہ ہے کہ ملزم آپ کی آنکھوں میں دھول جھونک کر فرار ہوگیا۔

ڈسٹرکٹ بی کے سیکٹروں کلرکوں نے اپنا خراب گروپ سے مستعفی ہو کر اپنا انور نیگ گروپ میں شمولیت کا اعلان کردیا

بی (این این آئی) سینئر ایجوکیشن اسسٹنٹ کلرک سلیم کھوسہ کی قیادت میں ڈسٹرکٹ بی کے سیکٹروں کلرکوں نے اپنا خراب گروپ سے مستعفی ہو کر اپنا انور نیگ گروپ میں شمولیت کا اعلان کردیا، تفصیلات [illegible] نمبر53 صفحہ3 پر

شہباز شریف کا شمالی اور جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کیخلاف کارروائی پر پاک فوج کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے شمالی اور جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کیخلاف کارروائی پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بے گناہ پاکستانیوں [illegible] نمبر54 صفحہ3 پر

کوئٹہ میں جائیداد پر قبضے کیخلاف تادم مرگ بھوک ہڑتال میں بیٹھے ستر سالہ وکیل محمد یعقوب کی حالت بگڑنے پر انہیں سول اسپتال منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں جائیداد پر قبضے کے خلاف تادم مرگ بھوک ہڑتال میں بیٹھے ستر سالہ وکیل محمد یعقوب کی حالت بگڑنے پر انہیں سول اسپتال منتقل کردیا گیا۔ کوئٹہ کے ستر سالہ وکیل محمد یعقوب ستائیس روز سے بلوچستان ہائیکورٹ کے بار روم میں جائیداد میں قبضے کے خلاف تادم مرگ بھوک بیٹھے تھے۔ جس کی وجہ سے ان کی صحت مسلسل متاثر ہو رہی تھی اور وہ وینٹیلیٹر پر چلے گئے تھے، آج اچانک طبیعت زیادہ خراب ہونے انہیں [illegible] نمبر57 صفحہ3 پر

لسبیلہ، نیشنل پارٹی کی جانب سے حب میں حاصل خان بزنجو کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کی سینیٹ ضمنی انتخاب میں خالد بزنجو کو بھاری مینڈیٹ سے کامیابی پر مبارکباد

خالد بزنجو کی کامیابی، پی ایس پی اور اتحادی جماعتوں کا وزیر اعلیٰ مرحوم کمال خان کی قیادت پر اعتماد کا واضح ثبوت ہے، حاجی نور محمد خان دمڑ

ہرنائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے سینیٹ کے ضمنی انتخاب میں پارٹی کے نامزد امیدوار خالد بزنجو کو بھاری مینڈیٹ سے کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کرتے ہے سینیٹ کی ضمنی انتخاب میں پارٹی کے نامزد امیدوار کو پارٹی اور حکومت میں دیگر شامل اتحادی جماعتوں کے ممبران اسمبلی کی جانب سے ووٹ [illegible] نمبر47 صفحہ3 پر

حکومتیں اقتدار اور اختیار کے نشے سے نہیں خدمت عوام سے چلتی ہیں، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی سید نیر بخاری نے کہا ہے کہ حکومتیں اقتدار اور اختیار کے نشے سے نہیں خدمت عوام سے چلتی ہیں۔ اتوار کو اپنے بیان میں نیر بخاری نے کہا کہ وفاقی حکومت [illegible] نمبر46 صفحہ3 پر

بین الافغان مذاکرات کا آغاز خوش آئند ہے، امید ہے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے، اسفندیار ولی خان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اسفندیار ولی خان نے دوحہ قطر میں جاری بین الافغان مذاکرات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مذاکراتی عمل نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ باچا خان مرکز پشاور سے جاری بیان میں اے این پی سربراہ [illegible] نمبر49 صفحہ3 پر

نواز شریف سزا یافتہ مجرم ہیں، واپس آئیں اور پلی بار گین کریں، فواد چوہدری

اٹھارہویں ترمیم میں مسائل ہیں، ان کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر کا انٹرویو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ نواز شریف سزا یافتہ مجرم ہیں، واپس آئیں اور پلی بار گین کریں، اٹھارہویں ترمیم میں مسائل ہیں، ان کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا کہ (ن) لیگ کی حکومت میں بجلی معاہدے کے باعث گردشی قرضہ بڑھا، اسی وجہ سے ہمیں بجلی کا فی یونٹ 17 روپے کا پڑ رہا ہے، گیس بھی ہم مہنگی لیکر سستی فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے، سٹیل ملز اور دیگر ادارے مسلسل خسارے میں جا رہے ہیں، ان اداروں نے پاکستان کو بڑے بحران کا شکار کر رکھا ہے، دس سال میں شہباز شریف نے دس [illegible] نمبر48 صفحہ3 پر

نواز شریف کو فوری طور پر واپس وطن آجانا چاہیے، حافظ حسین احمد

اپوزیشن کی جماعتوں کے تمام ارباب حل وعقد اور خصوصاً مسلم لیگ ن کے جہاندیدہ مخلص رہنما اس صورتحال میں اپنا بھرپور تاریخی کردار ادا کریں گے

یو یو آئی کے مرکزی ترجمان حافظ حسین احمد نے میاں نواز شریف کی وطن واپسی کا مطالبہ کردیا اب وقت آگیا ہے، جمعیت علماء اسلام

لاہور، وی آئی پی بی، تھانہ اسلامپورہ میں ایک بی محرر کی ساتھ والی نشست پر آرام کر رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان اور سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے میاں نواز شریف کی وطن واپسی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ حالات کے تناظر میں میاں نواز شریف کو فوری طور پر واپس وطن آجانا چاہئے ہم مخلصانہ طور پر اس کا مطالبہ ہی کرسکتے ہیں۔ وہ اتوار کے روز اپنی رہائشگاہ جامعہ مظفر العلوم میں مختلف وفود اور صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے، اس موقع پر پی این پی میونسپل کے سابق رکن قومی اسمبلی و رہنما میر عبدالرؤف میونسپل، جانشین شہید مولانا عبدالغنی کے صاحبزادے اور یو یو آئی [illegible] نمبر38 صفحہ3 پر

ہاسکٹ بال کپ اور نیشنل ہاسکٹ بال کپ فائنل میں کراچی کی جیت، کراچی ہاسکٹ بال کپ اور نیشنل ہاسکٹ بال کپ فائنل میں کراچی کی

کراچی (این این آئی) کراچی ہاسکٹ بال ایسوسی ایشن کے تحت عبدالناصر ہاسکٹ بال کورٹ آرام باغ کراچی پر جاری "یوم دفاع پاکستان ہاسکٹ بال ٹورنامنٹ" میں فائنل کی لائن اپ مکمل، آج کھیلے گئے دونوں سیمی فائنل کے مقابلوں کے فیصلے ہوگئے، پہلے سیمی فائنل [illegible] نمبر58 صفحہ3 پر

مرد و قتل کیس، پولیس صرف دعوے کر رہی ہے، تاحال کسی ملزم کو گرفتار نہیں کیا گیا ہے، عزیز و اقارب کا موقف

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں زیادتی کے بعد قتل ہونے والی پانچ سالہ بچی مروہ کے عزیز و اقارب نے دعویٰ کیا ہے کہ پولیس صرف دعوے کر رہی ہے، تاحال کسی ملزم کو گرفتار نہیں کیا گیا ہے۔ اتوار کو [illegible] نمبر59 صفحہ3 پر

سوال تو یہ ہے کال کوٹھڑی میں بند تنہا قیدی کرونا وائرس کی زد میں کیسے آگیا؟ مریم نواز

یہ تحقیق ہونا باقی ہے گھر کا کھانا بند کرکے نواز شریف کو کیا خوراک دی گئی جس سے انکے پلیٹ لیٹس خطرناک حد تک گر گئے، بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے حمزہ شہباز کا کورونا ٹیسٹ مثبت آنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرا بھائی حکومت کی بربریت کا شکار ہوا اور کرونا وائرس کا ٹیسٹ مثبت آنے کے باوجود اسے مطلوبہ طبی امداد نہیں دی جارہی، ابھی تو یہ تحقیق ہونا بھی باقی ہے کہ گھر کا کھانا بند کرکے جیب میں نواز شریف کو کیا خوراک دی جاتی رہی جس سے ان کے پلیٹ لیٹس خطرناک حد تک گر گئے اور ہارٹ اٹیک ہوا۔

افغانستان سے غیر ملکی افواج کے انخلا کا عمل اپنے راستے پر ہے، امریکا

جو لوگ افغانستان میں امن چاہتے ہیں انہیں جنگ مخالف اور عوام کی خواہشات کو دیکھنا ہوگا، امریکی سینیٹر زلمے خلیل

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نمائندہ خصوصی برائے افغان مفاہمتی عمل زلمے خلیل زاد نے کہا ہے کہ افغانستان سے غیر ملکی افواج کے انخلا کا عمل اپنے راستے پر ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں زلمے خلیل نے کہا کہ غیر ملکی فوجیوں کا انخلا مکمل ہونے سے پہلے جامع جنگ بندی بھی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ افغان امن عمل کے لیے ہم طالبان کے ساتھ کام کریں گے۔

رواں سال اپریل سے اب تک 75 لاکھ ایکڑ فٹ پانی سمندر میں ضائع ہوچکا ہے، ارسا

لاہور (این این آئی) ملک میں ڈیمز کی کمی کے باعث گلیشیئرز کا پانی سمندر میں گر کر ضائع ہونے لگا، یکم اپریل 2020 سے اب تک 75 لاکھ ایکڑ فٹ پانی سمندر میں ضائع ہوچکا ہے، ضائع ہونے والے پانی کی مقدار منگلا ڈیم سے بھی زیادہ ہے۔

شوبز میں منافقت کی بہت آبیاری کی جاتی ہے، روبی انعم

خدا کا شکر ہے میں اس بیماری سے کوسوں دور ہوں، نامور اداکارہ کی خصوصی گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ روبی انعم نے کہا ہے کہ ہمارے معاشرہ منافقت میں خود کفیل ہے اور خاص طور پر شوبز میں اس کی بہت آبیاری کی جاتی ہے، اکٹھے کام کرنے والے اور ایک دوسرے پر جان نچھاور کرنے والے آنکھوں سے اوجھل ہوتے ہی ایسے برائیاں کرتے ہیں جیسے ان کے درمیان صدیوں سے کوئی تنازعہ چلا آرہا ہو۔ "این این آئی" سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے روبی انعم نے کہا کہ شوبز میں حسد کا عنصر سب سے زیادہ ہے۔

ٹیلی کام سیکٹر سے معاملات حل ہونے پر 166 ارب کا ٹیکس ہدف پورا ہوسکتا ہے، ممبر پالیسی پی آر اے

الیکٹرانکس انوائس مانیٹرنگ سسٹم سے ٹیکس بیس اور ٹیکس نیٹ بڑھانے میں مدد ملے گی، ڈاکٹر جاوید اقبال

دو ہولڈنگ ٹیکس ریجم سے بزنس اور ٹیکس پیئر خطرے میں ہیں، نیئر میں پروفیشنل ریسرچ فورم حسن علی قادری

لاہور (این این آئی) ممبر پالیسی ماڈیول ریونیو اتھارٹی ڈاکٹر جاوید اقبال شیخ نے کہا ہے کہ ماڈیول ریونیو اتھارٹی نے ٹیکسیشن کے نظام کو آسان بنا کر بڑی کامیابیاں حاصل کی ہیں، اگر ٹیلی کام سیکٹر سے معاملات حل ہوجاتے ہیں تو 166 ارب کا ٹیکس ہدف پورا ہوسکتا ہے، الیکٹرانکس انوائس مانیٹرنگ سسٹم سے ٹیکس بیس اور ٹیکس نیٹ بڑھانے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیکسیشن نظام کے حوالے سے منعقدہ مذاکرے میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مذاکرے [illegible] نمبر41 صفحہ3 پر

اوارہ شماریات کے قیمتوں کے حوالے سے ماہانہ اعداد و شمار حقائق پر مبنی نہیں ہوتے، سابق چیئرمین پی سی سی

لاہور (این این آئی) اشیائے خورد و نوش کی ڈیمانڈ اور سپلائی کا جائزہ لینے اور قیمتوں کو چیک کرنے کا موثر نظام نہ ہونے کی وجہ سے ہول سیل ڈیلر سے ریٹیلر تک عوام کا استحصال کرتے ہیں، ایک محتاط اندازے کے مطابق پورے ملک میں ماہانہ اربوں روپے کی گراں فروشی ہوتی ہے جو عوام کی جیبوں سے نکلتے ہیں، ادارہ شماریات کے قیمتوں کے حوالے سے ماہانہ اعداد و شمار حقائق پر مبنی نہیں ہوتے بلکہ جیسی مرضی بنائی جاتی ہے۔

پاکستان جس طرح اس وقت جا رہا ہے حقیقی جمہوری ملک نہیں بن سکتا، ڈاکٹر مالک بلوچ

میرا یقین ہے کہ لسبیلہ میں جو مقامی ہماری قیادت ہے انکی قیادت میں انشاء اللہ نیشنل پارٹی ضلع لسبیلہ میں یہاں کے جو روایتی لوگ ہیں انکو شکست دیگے

ایک دن یہاں کہ جو عوامی نمائندگی ہے وہ نیشنل پارٹی کے ہاتھوں میں ہوگی کیونکہ یہ جو فرسودہ نظام والے لوگ ہیں وہ اب نہیں رہیں گے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

لسبیلہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کی جانب سے سینیٹر میر حاصل خان بزنجو (مرحوم) کی یاد میں صنعتی شہر حب میں ایک تعزیتی ریفرنس منعقد کیا گیا ریفرنس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی قیادت سمیت سینیٹرز رہنماؤں اور کارکنان سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان [illegible] نمبر39 صفحہ3 پر

ملتان، یو یو آئی (س) امیر مولانا حامد الحق خانی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بائی کرکٹ سیریز پر اب بھارتی بورڈ سے بات نہیں کرینگے، چیئرمین پی سی بی کا واضح اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین احسان مانی نے کہا ہے کہ بائی کرکٹ سیریز پر بھارتی کرکٹ بورڈ (پی سی سی آئی) سے اب بات نہیں کریں گے، اب انٹرنیشنل کرکٹ کونسل [illegible] نمبر63 صفحہ3 پر

ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کا کنٹریکٹ حاصل کرنے کیلئے کھلاڑیوں کو پارلیمنٹ سے استعفیٰ دینے کی ضرورت نہیں، پی سی بی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کا کنٹریکٹ حاصل کرنے کے لیے کھلاڑیوں کو [illegible] نمبر62 صفحہ3 پر

پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اولمپین سلمان اکبر کی بیٹی فضا سلمان بھی گول کیپر بن گئیں

سابق گول کیپر اولمپین سلمان اکبر کی 12 سالہ بیٹی فضا سلمان چار سال سے ہاکی کھیل رہی ہیں، ہاکی میں گول کیپر بن گئیں، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اولمپین سلمان اکبر کی بیٹی فضا سلمان بھی گول کیپر بن گئیں۔ ہاکی کے مقامی کلب کی جانب سے کھیلتے ہوئے فضا نے 12 نمبر کی شرٹ پہنی، میچ میں حریف ٹیم کو کوئی گول نہ بنانے دیا۔ پاکستان کے سابق گول کیپر اولمپین سلمان اکبر کی 12 سالہ بیٹی فضا سلمان چار سال سے ہاکی کھیل رہی ہیں اب وہ ہاکی کے مقامی کلب کی اندر 14 نمبر کی گول کیپر بن گئی ہیں۔

آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ آئندہ ماہ کھیلا جائیگا

ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ آئندہ ماہ اکتوبر لیزر سٹی باؤلنگ کلب جناح پارک راولپنڈی میں کھیلا جائیگا۔ گذشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔

پاکستان قمروبال بال فیڈریشن کی جانب سے قومی قمروبال چیمپئن شپ منعقد کروانے کی تیاریاں شروع

قومی قمروبال چیمپئن شپ شروع کرنے سے قبل کھلاڑیوں کو تربیت کرنے کا دو ماہ کا وقت دیا جائیگا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان قمروبال بال فیڈریشن نے قومی قمروبال چیمپئن شپ منعقد کروانے کی تیاریاں شروع کردی ہیں، گذشتہ روز پاکستان قمروبال بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل متبول آرائیں نے بتایا کہ پاکستان قمروبال فیڈریشن نے قومی قمروبال چیمپئن شپ رواں سال اپریل میں منعقد کروانی تھی لیکن کرونا وائرس کے باعث یہ چیمپئن شپ منعقد نہ ہوسکی جس سے کھلاڑیوں کا بہت نقصان ہوا ہے۔

قومی اسمبلی، سینیٹ کی منظوری تک زیادتی واقعات کے قوانین میں ترامیم کیلئے آرڈیننس جاری کیا جائے، مہوش حیات

واقعہ سے پوری دنیا میں پاکستان کی بدنامی ہوئی ہے، روک تھام کیلئے موثر اقدامات اٹھانا ہوں گے، اداکارہ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ مہوش حیات نے کہا ہے کہ موٹروے زیادتی واقعہ کے بعد حکومت ایسے جرائم سے متعلق پہلے سے موجود قوانین میں موثر ترامیم کرے اور جب تک اسے قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظوری نہیں مل جاتی اس کیلئے آرڈیننس جاری کیا جائے، اس واقعہ سے پوری دنیا میں پاکستان کی بدنامی ہوئی ہے اور اگر آج ہم نے ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات نہ اٹھائے تو ہمارے پاس سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں ہوگا۔

کوئٹہ، بلوچستان ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ جنرل کیڈرز کے ڈاکٹرز کے اجلاس کی صدارت ڈاکٹر احمد ولی کر رہے ہیں

برطانیہ کے اتفاق رائے کے بغیر یورپی یونین سے نکلنے کے سنگین نتائج ہوں گے، جرمنی کا انتباہ

برلن (این این آئی) جرمنی نے کہا ہے کہ برطانیہ کا کسی متفقہ معاہدے کے بغیر برگزٹ پر عمل درآمد کرتے ہوئے یورپی یونین سے نکلنے کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔ [illegible] نمبر60 صفحہ3 پر

دیبا بیگم اصل میں پرائیڈ آف پرفارمنس کی حقدار تھیں، فرزانہ تسیم

ان جیسی اداکارہ کی نامزدگی ہونے میں غیر معمولی تاخیر پر حیرت ہے، خصوصی گفتگو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ فرزانہ تسیم نے فلمسٹار دیبا بیگم کو پرائیڈ آف پرفارمنس ملنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس کی اصل حقدار ہیں اور مجھے حیرت ہے کہ ان کی اعزاز کے لئے نامزدگی میں غیر معمولی تاخیر کیوں کی گئی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے [illegible] نمبر61 صفحہ3 پر

حکومت فوری طور پر حمزہ شہباز شریف کو ہسپتال منتقل کرے، جمال شاہ کاکڑ

حکومت کا حمزہ شہباز شریف کو صحت کی سہولیات نہ دینا بدترین انتقامی کارروائی اور انسانیت سوز سلوک ہے

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے دور میں کئے گئے کام آج بول رہے ہیں اور، قوم کو انصاف دلا رہے ہیں، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے دور میں کئے گئے کام آج بول رہے ہیں اور، قوم کو انصاف دلا رہے ہیں، پنجاب فرانزک لیبارٹری کی بدولت ہی آج دہشت گردوں اور مجرموں کا پتہ لگانے کے ساتھ ساتھ انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جارہا ہے، حکومت کا حمزہ شہباز شریف کو صحت کی سہولیات نہ دینا بدترین انتقامی [illegible] نمبر40 صفحہ3 پر

لاہور، تحفظ ناموس رسالت کے زیر اہتمام تحفظ ناموس صحابہ و اہل بیت ریلی کے شرکاء ڈیوس روڈ سے گزر رہے ہیں